
www.iqbalkalmati.blogspot.com

# احکام رمضان المبارک

اور

# حالات دارالعلوم دیوبند



شائع کردہ

شعبہ تنظیم و ترقی دارالعلوم دیوبند، یوپی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# احکام رمضان المبارک

اور

# حالات دارالعلوم دیوبند

۱۴۳۸ھ مطابق ۲۰۱۷ء

حسب ہدایت

حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی مدظلہ العالی

مہتمم دارالعلوم دیوبند

شائع کردہ

شعبہ تنظیم وترقی دارالعلوم دیوبند

DAFTAR TANZEEM -O-TARAQQI
DARUL ULOOM DEOBAND U.P. (India)
Phone: No (01336) 222429 Fax: 222768

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# وأن تصوموا خير لكم

☆ رمضان المبارک کا مہینہ خیر و برکت کا مہینہ ہے۔

☆ رمضان المبارک میں شیاطین قید و بند میں ڈال دیئے جاتے ہیں۔

☆ رمضان المبارک میں خاص طور پر عبادت کا اہتمام کرنا چاہئے۔

☆ رمضان المبارک کی راتوں میں ایک رات (شبِ قدر) آتی ہے جس میں عبادت کا ثواب ایک ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ ملتا ہے، اس رات میں حضرت جبرئیل علیہ السلام ملائکہ کی ایک جماعت کے ساتھ تشریف لاتے ہیں اور جس بندہ کو عبادت میں مشغول پاتے ہیں اس کے لئے دعا کرتے ہیں، اور تمام فرشتے آمین کہتے ہیں۔

☆ رمضان المبارک میں خداوند قدوس کی بے پناہ رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

☆ رمضان المبارک کا مہینہ روحانی ترقی کے لئے ایسا ہے جیسے ساون کا مہینہ ہریالی کے واسطے۔

☆ رمضان المبارک میں اپنے غریب بھائی بہنوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

☆ روزہ مخلصانہ عبادت ہے جس میں دکھاوٹ کا کوئی شائبہ نہیں اس لئے حق تعالیٰ اس کا اجر بطور خاص عطا فرمائیں گے۔

☆ رمضان المبارک کے مہینے میں ہر نیکی کا ثواب ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔



☆

# ماہ رمضان کے فضائل و برکات

رمضان المبارک کا مہینہ اپنی خصوصیات اور فضائل و برکات کی وجہ سے امتیازی شان رکھتا ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں اور سرکش شیاطین کو قید و بند میں ڈال دیا جاتا ہے، اس ماہ مبارک کا ابتدائی عشرہ رحمت، درمیانی عشرہ مغفرت اور آخری عشرہ دوزخ سے آزادی کا وقت ہے، رمضان میں بے حساب برکتوں اور رحمتوں والی ایک رات (شبِ قدر) آتی ہے جو قرآن کریم کے ارشاد کے مطابق ہزار مہینوں سے بہتر ہے، اس بابرکت مہینہ میں اہلِ ایمان کے رزق میں اضافہ کیا جاتا ہے، اسی مبارک مہینہ میں قرآن پاک نازل کیا گیا، جس کی ہدایت کی بدولت انسانی زندگی میں ایمان و یقین کی روشنی آئی، امن و امان کی فضا پیدا ہوئی، اس مہینہ میں دن کے روزوں کے علاوہ رات میں ایک خاص عبادت کا عمومی اور اجتماعی نظام قائم کیا گیا جو تراویح کی شکل میں ملتِ اسلامیہ میں رائج ہے، دن کے روزوں کے ساتھ رات کی تراویح کی برکات مل جانے سے اس مہینہ کی نورانیت اور تاثیر میں نمایاں اضافہ ہوجاتا ہے، جس کو اپنے ادراک و شعور اور احساس کے مطابق ہر بندہ محسوس کرتا ہے جو ان باتوں سے کچھ بھی تعلق اور مناسبت رکھتا ہے اور جس کے دل میں ایمان و یقین کی ہلکی سی بھی روشنی موجود ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ رمضان کے دنوں میں روزے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فرض کیے گئے ہیں، اور راتوں میں تراویح کو سنت قرار دیا گیا ہے۔ نیز اس ماہ میں اس کی طرف سے ایک منادی اعلان کرتا رہتا ہے، اے خیر کے طلب کرنے والو! بھلائی کے کام کی طرف آگے بڑھو، اور اے برائی کے چاہنے والو! اپنی برائیوں سے باز آؤ۔

## روزہ کا اجروثواب

رسول اکرم ﷺ نے روزہ کی فضیلت اور اس کی قدر و اہمیت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: آدمی کے ہر اچھے عمل کا ثواب روزہ کے نتیجہ میں سات سو گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے، حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ روزہ عام قاعدہ اور اصول سے بالاتر ہے، دراصل بندہ کی طرف سے یہ میرے لیے ایک تحفہ ہے، میں اعزاز و اکرام کے ساتھ اس کا اجروثواب خود عطا کروں گا، میرا بندہ میری رضا کی خاطر اپنی خواہشِ نفس ترک کردیتا ہے اور اپنا کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے، لہٰذا میں خود اپنی مرضی کے مطابق اس کی نفس کشی اور پُرخلوص قربانی کا صلہ دوں گا۔ روزہ دار کے لئے دوطرح کی مسرتیں ہیں، ایک افطار کے وقت کی مسرت، دوسری جب وہ اپنے مالک و مولیٰ کے حضور میں باریابی کا شرف حاصل کرے گا، روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے، یعنی انسانوں کے لیے مشک کی خوشبو جس قدر عمدہ ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک روزہ دار کے منہ کی بو اس سے بھی زیادہ پیاری ہے، روزہ دنیا میں نفس و شیطان کے شدید حملوں سے بچاؤ کے لیے اور آخرت میں جہنم کی ہولناکیوں سے تحفظ کے لئے ایک مؤثر ذریعہ اور ایک مضبوط ڈھال ہے، جب تم میں سے کسی کا روزہ ہو تو اسے چاہیے کہ بیہودہ گوئی اور فحش باتوں سے بچا رہے، شوروشغب نہ کرے، اگر کوئی دوسرا آدمی اس سے گالی گلوچ یا جھگڑے کا برتاؤ کرے تو کہہ دے کہ میں روزہ دار ہوں۔ (بخاری و مسلم)



رمضان المبارک کے روزے رکھنا اسلام کا تیسرا فرض ہے، جو شخص اس کے فرض ہونے کا انکار کرے وہ مسلمان نہیں رہتا اور جو اس اہم فرض کو ادا نہ کرے وہ سخت گنہ گار اور فاسق ہے۔

## رویتِ ہلال

اگر مطلع صاف ہو تو رمضان اور عید کے موقع پر بہت سے لوگوں کا چاند دیکھنا ضروری ہے، ایک یا دو کی شہادت معتبر نہیں ہوگی اور اگر مطلع صاف نہیں ہے تو رمضان کے چاند کے متعلق ایک مسلمان کا خبر دینا بھی کافی ہے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ فسق میں مبتلا نہ ہو، عید کے چاند کے لئے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں چاند دیکھنے کی گواہی دیں کہ ہم نے چاند دیکھا ہے۔ یہاں بھی ضروری ہے کہ وہ سب عادل ہوں، فاسق و بدکار نہ ہوں تو چاند مان لیا جائے گا۔ چاند کے ثابت ہونے میں جنتری کا اعتبار نہیں، چاند کے سلسلہ میں تار، ٹیلیفون اور ریڈیو کی خبر بھی مقامی ذمہ دار مفتی کی تصدیق کے بغیر معتبر نہیں۔

## روزہ کی نیت

نیت کہتے ہیں دل سے قصد و ارادہ کرنے کو، خواہ زبان سے کچھ کہے، یا نہ کہے، روزہ کے لیے نیت شرط ہے، اگر روزہ کا ارادہ نہ کیا اور تمام دن کچھ کھایا پیا بھی نہیں تو روزہ نہ ہوگا، رمضان کے روزے کی نیت رات سے کرلینا بہتر ہے، رات میں اگر نیت نہ کی ہو تو زوال سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے تک دن میں نیت کرسکتا ہے بشرطیکہ کچھ کھایا پیا نہ ہو۔

## وہ چیزیں جن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے

(۱) کان اور ناک میں دوا ڈالنا (۲) قصداً اپنے اختیار سے منہ بھر کے قے کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



(۳) روزہ یاد رہتے ہوئے کلی کرتے وقت حلق میں پانی چلا جانا (۴) عورت یا کسی مرد کو چھونے وغیرہ سے انزال ہوجانا (۵) کوئی ایسی چیز نگل جانا جو عادتاً کھائی نہیں جاتی، جیسے لکڑی، لوہا اور کچے گیہوں کا دانہ وغیرہ (۶) لوبان یا عود وغیرہ کا دھواں قصداً ناک یا حلق میں پہنچانا، بیڑی، سگریٹ اور حقہ پینا (۷) بھول کر کھا پی لیا، یاد آنے پر یہ خیال کیا کہ اب تو روزہ جاتا رہا پھر قصداً کھا پی لیا (۸) رات سمجھ کر صبح صادق کے بعد سحری کھالی (۹) دن باقی تھا مگر غلطی سے یہ سمجھ کر کہ آفتاب غروب ہوگیا ہے، افطار کرلیا۔

ان سب چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، مگر صرف قضا واجب ہوتی ہے۔ کفارہ ادا کرنا لازم نہیں (۱۰) جان بوجھ کر بیوی سے صحبت کرنے یا کھانے پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اس صورت میں قضا بھی لازم آتی ہے اور کفارہ بھی، کفارہ یہ ہے کہ ساٹھ روزے متواتر رکھے، بیچ میں ناغہ نہ ہو، اگر ناغہ ہوگیا تو پھر سے متواتر ساٹھ روزے پورے کرنے پڑیں گے، اور اگر روزے کی طاقت نہیں تو پھر ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلادے۔

## وہ چیزیں جن سے روزہ نہیں ٹوٹتا مگر مکروہ ہوجاتا ہے

(۱) بلاضرورت کسی چیز کو چبانا یا نمک وغیرہ چکھ کر تھوک دینا، ٹوتھ پیسٹ یا منجن یا کوئلے سے دانت صاف کرنا، ان سب صورتوں میں روزہ مکروہ ہوجاتا ہے (۲) تمام دن حالت جنابت میں (بغیر غسل کئے) رہنا (۳) فصد کرانا، یا کسی مریض کے لئے اپنا خون دینا (۴) غیبت یعنی کسی کی عدم موجودگی میں اُس کی برائی کرنا، جو ہر حال میں حرام ہے، روزہ میں اس کا گناہ اور بڑھ جاتا ہے (۵) روزہ میں لڑنا جھگڑنا، گالی دینا، خواہ انسان کو دی جائے یا کسی جانور کو یا بے جان کو، ان سب چیزوں سے روزہ مکروہ ہوجاتا ہے۔



## وہ چیزیں جن سے نہ روزہ ٹوٹتا ہے اور نہ مکروہ ہوتا ہے

(۱) مسواک کرنا (۲) سر یا مونچھوں میں تیل لگانا (۳) آنکھوں میں دوا یا سرمہ ڈالنا (۴) خوشبو سونگھنا (۵) گرمی یا شدتِ پیاس کی وجہ سے غسل کرنا (۶) کسی قسم کا انجکشن لگوانا (۷) حلق میں بلا اختیار دھواں یا گرد وغبار یا مکھی وغیرہ کا چلا جانا (۸) کان میں پانی بلا ارادہ چلا جانا (۹) خود بخود قے آجانا (۱۰) سوتے ہوئے احتلام (غسل کی ضرورت) ہوجانا (۱۱) اگر خواب میں یا صحبت کرنے کی وجہ سے غسل کی ضرورت پیش آگئی اور صبح صادق ہونے سے پہلے غسل نہ کیا اور اسی حالت میں روزہ کی نیت کرلی تو روزہ میں کوئی خلل واقع نہ ہوگا (۱۲) اگر بیوی کو اپنے خاوند یا نوکر کو آقا کے غصہ کا قوی اندیشہ ہو تو کھانے میں نمک چکھ کر تھوک دینا مکروہ نہیں۔

## روزہ نہ رکھنے کی اجازت

(۱) اگر بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو یا مرض کے بڑھ جانے کا شدید خطرہ ہو تو روزہ نہ رکھنا جائز ہے، بعد میں اس کی قضا لازم ہے (۲) اگر عورت حمل سے ہے اور روزہ رکھنے میں بچہ کو یا اپنی جان کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہے تو روزہ نہ رکھے، بعد میں قضا کرے (۳) جو عورت اپنے یا کسی غیر کے بچے کو دودھ پلاتی ہے اور روزے سے دودھ کم ہوجاتا ہے اور بچے کو تکلیف پہنچتی ہے تو روزہ نہ رکھے، بعد میں قضا کرے (۴) شرعی مسافر جو کم از کم ۴۸ میل (تقریباً سواستتر [۱] کلومیٹر) سفر کی نیت کرکے گھر سے نکلا ہو، اس کے لیے اجازت ہے کہ روزہ نہ رکھے، لیکن اگر سفر میں کوئی تکلیف یا دقت نہ ہو تو افضل یہ ہے کہ روزہ

[۱] صحیح پیمائش ۷۷ /کلومیٹر ۲۴۴ میٹر اور ۳۶ سینٹی میٹر ہے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



رکھ لے اور اگر خود کو یا ساتھیوں کو تکلیف ہو تو پھر روزہ نہ رکھنا افضل ہے (۵) اگر روزہ کی حالت میں سفر شروع کیا تو اب روزہ کا پورا کرنا ضروری ہے، کوئی شخص سفر میں تھا، بغیر روزہ کے تھا اور افطار سے پہلے کسی بھی وقت گھر پہنچ گیا تو اب اسے چاہئے کہ افطار تک روزہ کے احترام میں کھانے پینے سے احتراز کرے، اور اگر صبح صادق کے بعد سے کچھ کھایا پیا نہیں تھا کہ سفر سے آگیا اور ایسے وقت میں آیا جس میں روزہ کی نیت ہو سکتی ہے یعنی زوال سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے تو اس پر لازم ہے کہ روزہ کی نیت کرے اور روزہ رکھے۔ (۶) اگر کسی کو قتل کی دھمکی دے کر روزہ توڑنے پر مجبور کیا جائے تو اس کے لیے روزہ توڑ دینا جائز ہے، پھر قضا کرے (۷) اگر بیماری یا بھوک پیاس کا اتنا غلبہ ہو جائے کہ جان کا خطرہ لاحق ہو جائے تو روزہ توڑ دینا نہ صرف یہ کہ جائز ہے، بلکہ واجب ہے، البتہ اس کی قضا لازم ہوگی، کفارہ واجب نہیں (۸) عورت کے لئے ایام حیض میں اور بچہ کی پیدائش کے بعد جو خون (نفاس) آتا ہے اس کے دوران روزہ رکھنا جائز نہیں، ان دنوں میں روزے نہ رکھے بعد میں قضا کرے (۹) بیمار، مسافر اور حیض و نفاس والی عورت کے لیے رمضان میں روزے نہ رکھنا اور کھانا پینا جائز ہے، لیکن رمضان المبارک کے احترام کی وجہ سے ان کے لیے لازم ہے کہ سب کے سامنے کھانے پینے سے احتراز کریں۔

## روزہ کی قضا

(۱) کسی عذر سے روزہ قضا ہو گیا تو جب عذر جاتا رہے تو جلد قضا کر لینا چاہیے، زندگی کا کچھ بھروسہ نہیں، کیا معلوم کس وقت موت آجائے، قضا روزوں میں اختیار ہے کہ متواتر رکھے یا ایک ایک کر کے رکھے (۲) اگر مسافر سفر سے لوٹنے کے بعد یا مریض تندرست ہو جانے کے بعد اپنی موت تک اتنا وقت نہ پائے کہ جس میں قضا شدہ روزے ادا کر سکے تو اس کے ذمہ قضا لازم نہیں، سفر سے



لوٹنے اور بیماری سے تندرست ہونے کے بعد جتنے دن ملیں اتنے دن کی قضا لازم ہوگی (۳) اگر کسی نے فوت شدہ روزے قضا کرنے کا وقت پایا، لیکن ابھی تک قضا نہیں کیے، کہ موت کا وقت آگیا تو وصیت کرنا ضروری ہے، اگر وصیت کیے بغیر مر گیا تو مناسب ہے کہ اس کے ورثاء ہر روزہ کے بدلے میں ایک کلو ۶۳۳/گرام گندم یا تین کلو ۲۶۶/گرام جو یا ان کی قیمت غریبوں پر صدقہ کریں اور اگر وہ مرنے والا مال چھوڑ کر مرا ہے اور روزہ کی وصیت کر گیا تو ہر روزہ کے بدلے میں مذکورہ مقدار فدیہ ادا کرنا واجب ہے۔

## سحری

روزہ دار کو آخر رات میں صبح صادق سے پہلے سحری کھانا مسنون ہے، اس میں برکت ہے اور ثواب ہے، آدھی رات کے بعد جس وقت بھی کھائے سحری کی سنت ادا ہو جائے گی، مگر آخر رات میں کھانا افضل ہے، اگر مؤذن نے صبح صادق سے پہلے اذان دے دی تو سحری کھانا منع نہیں، صبح صادق سے ذرا پہلے تک سحری کھانا جائز ہے، سحری سے فارغ ہو کر دل میں رزہ کی نیت کر لینا کافی ہے۔

## افطار

آفتاب کے غروب ہو جانے کے بعد افطار میں دیر کرنا مکروہ ہے، ہاں جب مطلع ابر آلود ہو تو دو چار منٹ انتظار کر لینا بہتر ہے۔ ویسے تین منٹ کی احتیاط بہر حال کرنا چاہیے۔ کھجور اور خرما سے روزہ افطار کرنا افضل ہے اور کسی دوسری چیز سے افطار کرنے میں بھی کوئی کراہت نہیں، اگر کسی دوسرے کی دی ہوئی چیز سے افطار کرے تو اس سے ثواب کم نہ ہوگا، البتہ اگر یہ چیز حرام یا مشتبہ ہو تو اُسے ہرگز قبول نہ کیا جائے، اگر روزہ افطار کرنے اور کھانے پینے کی وجہ سے مغرب کی نماز و جماعت میں دس منٹ کی تاخیر کر دی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں، افطار کے وقت یہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دعا مسنون ہے: اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ أَفْطَرْتُ اور افطار کے بعد یہ دعا پڑھے:

ذَھَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰہ

## تراویح

(۱) رمضان المبارک میں عشاء کے فرض اور سنت کے بعد بیس رکعات تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہے (۲) تراویح کی جماعت سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہے، اگر محلہ کی مسجد میں جماعت ہوتی ہو اور کوئی شخص علیحدہ اپنے گھر میں تراویح پڑھ لے تو جائز ہے مگر مسجد اور جماعت کے ثواب سے محروم رہے گا، اور اگر محلہ کی مسجد میں باجماعت تراویح کسی نے نہ پڑھی تو سارے محلہ والے ترکِ سنت کے مرتکب ہونے کی وجہ سے گنہ گار ہوں گے۔ (۳) تراویح میں ایک بار قرآن کریم ختم کرنا سنت ہے، تراویح پڑھانے کے لئے اگر حافظ قرآن نہ ملے یا ملے مگر بلا اجرت نہ سنائے تو چھوٹی سورتوں سے مثلاً اَلم ترکیف سے نماز تراویح ادا کریں، اجرت دے کر قرآن پاک نہ سنیں کیوں کہ قرآن پاک سنانے پر اجرت دینا اور لینا دونوں حرام ہیں، سامع کے لئے بھی اجرت لینا جائز نہیں اجرت پر قرآن سنانے سے نہ تو امام کو ثواب ملتا ہے، نہ مقتدیوں کو ثواب ملتا ہے۔ (۴) اگر ایک حافظ ایک مسجد میں ۲۰ / رکعت تراویح پڑھ چکا ہے تو اس کو دوسری مسجد میں اسی رات میں تراویح پڑھانا درست نہیں (۵) اگر تراویح میں دو رکعت پر بیٹھنا بھول گیا اور پوری چار رکعت پر سلام پھیرا تو صرف آخری دو رکعتیں تراویح میں شمار ہوں گی اور شروع میں پڑھی ہوئی دو رکعتیں اور ان میں پڑھا ہوا قرآن پاک لوٹایا جائے گا لیکن اگر دو رکعت پر قعدہ کیا ہے یعنی بیٹھا ہے تو چاروں رکعتیں تراویح میں شمار ہوں گی۔ اعادہ کی ضرورت نہیں (۶) جس شخص کی تراویح کی دو چار رکعتیں رہ گئی ہوں اور امام نے نماز وتر پڑھانی شروع کر دی ہو تو اس کو چاہیے کہ امام کے ساتھ وتر کی جماعت میں شامل ہو جائے، باقی رہی ہوئی تراویح بعد میں پوری کرے۔ (۷) جس شخص کو



عشاء کی نماز باجماعت نہ ملی ہو بلکہ تنہا پڑھی ہو وہ امام کے ساتھ وتر باجماعت پڑھ سکتا ہے (۸) جس نے تراویح کی نماز جماعت سے نہیں پڑھی اسے وتر کی جماعت میں شریک نہ ہونا چاہیے بلکہ اپنی تراویح کے بعد وتر پڑھنی چاہیے، لیکن اگر جماعت میں شریک ہو گیا تو اس کی نماز وتر ہو گئی، لوٹانے کی ضرورت نہیں (۹) قرآن پاک کو اس قدر تیز پڑھنا کہ حروف کٹ جائیں سخت گناہ ہے، اس صورت میں نہ امام کو ثواب ملے گا اور نہ مقتدیوں کو (۱۰) اس قدر زیادہ قراءۃ کرنا کہ مقتدیوں کو تکلیف ہو مکروہ ہے، تین دن سے کم میں قرآن کریم ختم کرنا اچھا نہیں ہے (۱۱) نابالغ کو تراویح میں امام بنانا جائز نہیں ہے۔

## اعتکاف

رمضان المبارک اور بالخصوص اس کے آخری عشرہ کے اعمال میں سے ایک عمل اعتکاف بھی ہے، اعتکاف کی حقیقت یہ ہے کہ ہر طرف سے یکسو ہو کر مسجد میں رہے اور خدا کی عبادت اور اس کے ذکر میں لگا رہے اعتکاف کی نیت کر کے مسجد میں داخل ہوا اور سوائے ایسی حاجاتِ ضروریہ کے جو مسجد میں پوری نہ ہو سکیں جیسے پیشاب، پاخانہ کی ضرورت، غسل واجب یا وضو کی ضرورت، مسجد سے باہر نہ جائے (۲) رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہے، یعنی اگر بڑے شہر کے ہر محلہ میں اور چھوٹے دیہات کی ہر بستی میں کوئی بھی اعتکاف نہ کرے تو سب پر ترکِ سنت کا وبال رہے گا، اور کوئی ایک بھی محلہ میں اعتکاف کر لے تو سب کی طرف سے سنت ادا ہو جائے گی (۳) اعتکاف میں کوئی خاص عبادت متعین نہیں، نماز، تلاوت کلام پاک، دینی کتابوں کا پڑھنا یا ذکر اللہ کرنا، غرض جو عبادت بھی چاہے کرتا رہے (۴) جس مسجد میں اعتکاف کیا گیا ہے اگر اس میں جمعہ نہیں ہوتا تو نماز جمعہ کے لیے اندازہ کر کے ایسے وقت مسجد سے نکلے کہ جامع مسجد میں پہنچ کر سنتیں ادا کرنے کے بعد خطبہ سن سکے، اگر اس سے کچھ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پہلے مسجد میں چلا گیا تو بھی اعتکاف میں خلل نہیں پڑے گا۔ (۴) اگر بلا ضرورت طبعی وشرعی تھوڑی دیر کے لیے بھی مسجد سے باہر چلا جائے گا تو اعتکاف جاتا رہے گا خواہ جان بوجھ کر نکلے یا بھول کر، اس صورت میں اعتکاف کی قضا کر لینا بہتر ہے (۵) اگر آخری عشرہ کا اعتکاف کرنا ہو تو اعتکاف کی نیت سے بیس تاریخ کو غروبِ آفتاب سے پہلے مسجد میں داخل ہو اور جب عید کا چاند نظر آئے تب اعتکاف سے باہر نکلے (۶) غسل جمعہ یا محض گرمی سے پریشان ہو کر غسل کے واسطے مسجد سے باہر نکلنا معتکف کے لیے جائز نہیں (۷) معتکف کو لڑائی جھگڑے اور فضول باتوں سے بچنا چاہیے، مسجد کے احترام کے خلاف بھی کوئی کام نہ کرنا چاہیے۔

## شب قدر

چوں کہ اس امت کی عمریں بہ نسبت پہلی امتوں کے کم ہیں، اس لیے حق تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ایک رات ایسی عنایت فرمائی ہے کہ جس میں عبادت کرنے کا ثواب ایک ہزار مہینہ کی عبادت سے بھی زیادہ ہے، لیکن اس رات کے تعین کو پوشیدہ رکھا گیا تا کہ لوگ اس کو تلاش کریں اور بے حساب ثواب حاصل کریں، اس کے لیے کوئی رات متعین نہیں، رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں شب قدر آنے کا زیادہ امکان ہے، یعنی ۲۱ ویں، ۲۳ ویں، ۲۵ ویں، ۲۷ ویں اور ۲۹ ویں، ستائیسویں شب میں اولیاء اللہ نے اسے پایا ہے، ان راتوں میں بہت محنت سے عبادت اور توبہ واستغفار اور دعا میں مشغول رہنا چاہیے۔ اگر تمام رات جاگنے کی طاقت نہ ہو تو جس قدر ہو سکے جاگے اور نفل نماز، دُعا، تلاوت قرآنِ کریم یا ذکر وتسبیح میں مشغول رہے اور کچھ نہ ہو سکے تو عشاء اور صبح کی نماز جماعت سے ادا کرنے کا اہتمام کرے، حدیث پاک میں آیا ہے کہ یہ



اہتمام بھی رات بھر جاگنے کے حکم میں ہو جاتا ہے، ان راتوں کو صرف جلسوں اور تقریروں میں صرف کر کے سو جانا بہت بڑی محرومی کی بات ہے، تقریریں ہر رات ہو سکتی ہیں مگر شب قدر کی عبادت کا یہ موقعہ بار بار ہاتھ نہیں آئے گا، البتہ جو لوگ رات بھر جاگ کر عبادت کرنے کی ہمت رکھتے ہیں، وہ شروع میں کچھ وعظ سن لیں پھر نوافل اور دعاء میں لگ جائیں تو درست ہے، شب قدر کی خاص دعا ہے: اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّی۔

## صدقۂ فطر

صدقۂ فطر ہر اس شخص پر واجب ہے جس کے پاس ضروریاتِ زندگی کے علاوہ ۶۱۲ گرام (۳۶۰ ملی گرام) چاندی یا ساڑھے ۸۷ گرام سونا یا اس کی قیمت کے بقدر رقم ہو یا حوائج اصلیہ سے زائد ایسی چیزیں موجود ہوں جن کی قیمت بقدر نصاب ہو خواہ وہ چیزیں تجارت کے لیے نہ ہوں جیسے رہائش کے مکان سے زائد مکان گھر کے مصارف کے بقدر کاشتکاری کی زمین سے زائد زمین، ضرورت کے کپڑوں اور برتنوں سے زائد کپڑے اور برتن وغیرہ (۲) صدقۂ فطر کے نصاب پر سال کا گذرنا شرط نہیں ہے بلکہ عید الفطر کے روز بقدر نصاب مالیت کا ہونا صدقۂ فطر کے وجوب کے لیے کافی ہے (۳) جس کے پاس نصاب مذکور کے بقدر مال ہو وہ اپنی طرف سے اور اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرے (۴) ایک آدمی کا صدقۂ فطر ایک کلو ۶۳۳ گرام گندم یا تین کلو ۲۶۶ گرام جو یا ان کی قیمت ہے (۵) رمضان کی آخری تاریخ میں یا یکم شوال کی صبح صادق سے قبل پیدا ہونے والے بچہ کا صدقۂ فطر دینا بھی لازم ہے (۶) صدقۂ فطر انہیں لوگوں کو دیا جا سکتا ہے جن کو زکوۃ دینا جائز ہے، البتہ زکوۃ کافر کو نہیں دی جا سکتی اور صدقۂ فطر دیا جا سکتا

ہے۔(۷) صدقۂ فطر صبح سویرے نمازِ عید کے لیے جانے سے پہلے دیدے اگر پہلے نہیں دیا تاخیر کردی تب بھی یہ ساقط نہیں ہوگا، بعد میں ادا کرنا ضروری ہے۔

## عید کی نماز پڑھنے کا طریقہ

پہلے دل سے نیت کرے کہ میں دو رکعت نمازِ عید واجب پڑھتا ہوں چھ زائد تکبیروں کے ساتھ اللہ کے واسطے اس امام کے پیچھے، پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ کانوں تک اٹھا کر باندھ لے اور سبحانک اللھم آخر تک پڑھے پھر تین تکبیریں کہے، پہلی اور دوسری تکبیر میں اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ کانوں تک اٹھا کر چھوڑ دے اور تیسری تکبیر میں اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ کانوں تک اٹھا کر باندھ لے اور باقی رکعت جس طرح ہمیشہ نماز پڑھتا ہے پڑھے، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورۃ کے بعد جب امام تکبیر کہے تو پہلی دوسری تیسری ہر تکبیر میں اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ کانوں تک اٹھا کر چھوڑ دے اور چوتھی تکبیر میں ہاتھ اٹھائے بغیر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں چلا جائے، باقی نماز حسب دستور پوری کرے، نمازِ عید کا وقت آفتاب بلند ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے اور زوال پر ختم ہوجاتا ہے، نمازِ عید کے بعد امام خطبۂ ماثورہ پڑھے اور مقتدی خاموشی کے ساتھ سنیں، خطبہ سنے بغیر ہرگز نہ جائیں، جس طرح نمازِ عید واجب ہے اسی طرح عید کا خطبہ سننا بھی واجب ہے، خطبہ کے بعد دعا ثابت نہیں بلکہ سلام کے بعد ہی دعا کرلیں۔

## مسائل زکوٰۃ

(۱) زکوٰۃ ہر اس شخص پر فرض ہے جس کے پاس نصاب کے بقدر مال ہو، زکوٰۃ کا نصاب ۶۱۲ گرام ۳۶۰ ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت کے بقدر رقم یا سامانِ



تجارت ہے، ایسا نصاب جب سال بھر کسی کی ملک میں رہے تو اس پر زکوٰۃ فرض ہوجاتی ہے (۲) صاحب نصاب اگر کسی سال زکوٰۃ پیشگی دیدے تو یہ بھی جائز ہے البتہ اگر بعد میں سال پورا ہونے سے پہلے مال بڑھ گیا تو اس بڑھے ہوئے مال کی زکوٰۃ بھی دینا ہوگی (۳) جس قدر مال ہے اس کا چالیسواں حصہ دینا فرض ہے، یعنی ڈھائی فیصد، سونے چاندی یا جس مال تجارت پر زکوٰۃ فرض ہے اس کا چالیسویں حصہ دینا بھی صحیح ہے اور چالیسویں حصے کی قیمت ادا کردینا بھی جائز ہے، مگر قیمت خرید نہ لگے گی بلکہ زکوٰۃ فرض ہونے کے وقت بازار میں جو قیمت ہوگی اس کا چالیسواں حصہ دینا ہوگا (۴) کسی فقیر کو اتنا مال دیدینا کہ جتنے مال پر زکوٰۃ فرض ہوتی ہے مکروہ ہے، لیکن اگر دیدیا تو زکوٰۃ ادا ہوجائے گی اور اس سے کم دینا بغیر کسی کراہت کے جائز ہے (۵) مقروض کو اس کے قرضہ کے بقدر یعنی جس سے اس کا قرضہ ادا ہوسکتا ہے دینا جائز ہے، قرضہ خواہ کتنا ہی ہو (۶) زکوٰۃ ادا ہونے کے لیے شرط ہے کہ جو رقم کسی مستحق زکوٰۃ کو دی جائے وہ اس کی کسی خدمت کے معاوضہ میں نہ ہو صرف اللہ کے لیے ہو (۷) زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ زکوٰۃ کی رقم مستحق زکوٰۃ کو مالکانہ طور پر دی جائے جس میں اس کو ہر طرح کا اختیار ہو، اس کے مالکانہ قبضہ کے بغیر زکوٰۃ ادا نہ ہوگی (۸) کارخانوں اور مل وغیرہ کی مشینوں پر زکوٰۃ فرض نہیں، لیکن اس میں جو خام مال یا تیار شدہ مال ہے اس پر زکوٰۃ فرض ہے (۹) سونے چاندی کی ہر چیز پر زکوٰۃ فرض ہے، برتن حتی کہ سچا گوٹہ، ٹھپہ، اصلی زری (چاہے کپڑوں میں لگی ہوئی ہو) سونے چاندی کے بٹن اور انگوٹھی پر بھی زکوٰۃ فرض ہے (۱۰) کسی کے پاس کچھ روپیہ، کچھ سونا، کچھ چاندی اور کچھ مالِ تجارت ہے مگر علیحدہ علیحدہ، ان میں سے کوئی بھی بقدر نصاب نہیں ہے تو سب کو ملا کر دیکھیں گے، اگر مجموعہ کی قیمت ۶۱۲ گرام (۳۶۰ ملی گرام) چاندی کے برابر ہوجائے تو زکوٰۃ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فرض ہوجائے گی اور اگر اس سے کم رہے تو پھر زکوٰۃ فرض نہیں، نصاب میں چاندی کا اعتبار کیا گیا ہے۔ اس میں غریبوں کا فائدہ ہے (۱۱) ملوں اور کمپنیوں کے شیرز پر بھی زکوٰۃ فرض ہے بشرطیکہ شیرز کی قیمت بقدر نصاب ہو یا اس کے علاوہ دیگر مال مل کر شیرز ہولڈر مالک نصاب بن جاتا ہو، البتہ کمپنیوں کے شیرز کی قیمت میں جو مشینری اور مکان اور فرنیچر وغیرہ کی لاگت بھی شامل ہوتی ہے وہ زکوٰۃ سے مستثنیٰ ہیں، اس لیے اگر کوئی شخص کمپنی سے دریافت کر کے جس قدر رقم اس کی مشینری و مکان و فرنیچر میں لگی ہے اس کو اپنے حصے کے مطابق شیرز کی قیمت میں سے کم کر کے باقی کی زکوٰۃ دے تو یہ بھی جائز ہے (۱۲) سال کے ختم پر جب زکوٰۃ دینے لگے اس وقت جو شیرز کی قیمت ہوگی وہی لگے گی، مثلاً ابتداء سال میں دو ہزار روپے تھے اور سال ختم ہونے پر دو ہزار پانچ سو کی مالیت ہوگئی تو دو ہزار پانچ سو کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی (۱۳) نابالغ کے مال پر زکوٰۃ فرض نہیں ہے (۱۴) سادات کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ہے، اگر کوئی سیّد ضرورت مند ہو تو زکوٰۃ سے ہٹ کر اس کی مدد کرنی چاہیے (۱۵) اپنے اصول و فروع یعنی ماں باپ، دادا، دادی، نانا، نانی اور اولاد کی اولاد اور میاں بیوی کے علاوہ دوسرے رشتہ داروں کو زکوٰۃ دینا جائز ہے، بھائی بہن، بھانجے، بھتیجے، چچا، خالہ، پھوپی اور ماموں وغیرہ کو زکوٰۃ دینے میں کوئی حرج نہیں، بلکہ ان قریبی لوگوں کو زکوٰۃ دینے میں دوہرا اجر ملتا ہے، ایک زکوٰۃ دینے کا، دوسرے صلہ رحمی کرنے کا، البتہ انہیں زکوٰۃ دیتے وقت زکوٰۃ کی صراحت نہ کرے۔ (۱۶) زکوٰۃ کے مال سے غیر مسلم محتاجوں، بیواؤں اور ان کے یتیموں کی امداد کرنا جائز نہیں (۱۷) زکوٰۃ کی رقم مدرسہ کے مدرّسین و ملازمین کی تنخواہوں میں دینا درست نہیں، اسی طرح امام و مؤذن کی تنخواہوں میں دینا بھی جائز نہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی علوم وثقافت

# کا

# بین الاقوامی عظیم مرکز

دارالعلوم دیوبند اپنی وسیع خدمات اور بین الاقوامی شہرت کی بنا پر کسی تعارف کا محتاج نہیں، اس نے اپنے یومِ تاسیس (۱۲۸۳ھ مطابق ۱۸۶۶ء) سے اب تک کثیر تعداد میں علماء، مشائخ، مفتی، مبلّغ، صحافی اور جاں باز مجاہد پیدا کیے ہیں، جن میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، حضرت مولانا حافظ محمد احمد قاسمیؒ، حضرت مولانا حبیب الرحمن عثمانیؒ، حضرت مولانا انور شاہ محدث کشمیریؒ، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ شاہجہاں پوریؒ، شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ، حضرت مولانا عبیداللہ سندھیؒ، حضرت مولانا سیّد مرتضیٰ حسن چاند پوریؒ، حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندیؒ، حضرت مولانا بدر عالم میرٹھیؒ، حضرت مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمن سیوہارویؒ، حضرت علامہ محمد ابراہیم بلیاویؒ، حضرت شیخ الادب مولانا اعزاز علی صاحب امروہویؒ، حضرت فخر المحدثین مولانا فخر الدین صاحب مراد آبادیؒ، حضرت مولانا مفتی محمود حسن صاحب گنگوہیؒ، فدائے ملت حضرت مولانا سیّد اسعد مدنیؒ اور حضرت اقدس مولانا مرغوب الرحمنؒ وغیرہ جیسی قدآور تاریخ ساز شخصیتیں شامل ہیں، جو اپنی علمی و دینی خدمات اور مجاہدانہ کارناموں کی بنا پر نہ صرف پورے ہندوستان بلکہ پورے برِاعظم ایشیا میں وقعت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔

فضلاء دارالعلوم نے ہندو پاک اور دیگر بہت سے ملکوں میں اسلامی علوم وثقافت کی حفاظت واشاعت کی غرض سے ہزاروں کی تعداد میں مدارسِ اسلامیہ اور دینی ادارے قائم کیے، مختلف دینی موضوعات پر بے شمار اور بہترین کتابیں تصنیف کیں اور مسلمانوں اور اسلام



کے خلاف اٹھنے والی ہر تحریک کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، اسی طرح اسلامی علوم وافکار اور عقائد و نظریات کو اپنے علم واستدلال اور عمل و کردار سے اس قدر مضبوط و مستحکم کر دیا کہ اس دورِ الحاد و زندقہ میں بھی بحمد اللہ اسلام ہر طرح سے اپنی اصلی صورت میں محفوظ ہے اور بڑے سے بڑے معاندِ اسلام اس کے خلاف زبان کھولتے ہوئے جھجھک محسوس کرتے ہیں۔ دارالعلوم دیوبند کا یہ ایسا عظیم اور بے مثال کارنامہ ہے جس میں کوئی دوسرا ادارہ اس کا شریک و سہیم نہیں ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذلک

اللہ جل مجدہٗ کا ہزار ہزار احسان ہے کہ آج بھی دارالعلوم اپنی شاندار روایات کے ساتھ قوم کی علمی و دینی اور فکری تعمیر و ترقی میں مصروف ہے اور اس کی آغوشِ تعلیم و تربیت میں پروان چڑھ کر ہر سال سینکڑوں کی تعداد میں علماء و فضلاء اور قراء و حفاظ نکل کر ملک و بیرون ملک میں علمی و دینی خدمات کی انجام دہی میں لگے ہوئے ہیں اور خدا کا شکر ہے کہ یہ تعداد روز افزوں ہے۔ اس وقت بھی قدیم وجدید طلبہ کی مجموعی تعداد چار ہزار سے زائد ہے۔ دارالعلوم سے امداد پانے والے طلبہ کی بڑھتی ہوئی تعداد اور اساتذہ و کارکنان کی تنخواہوں کا اضافہ نیز مصارفِ طلبہ، خوراک، پوشاک، رہائش، روشنی، علاج کے ساتھ ساتھ نقد وظیفہ اور کتبِ درسیہ وغیرہ جیسی طلبہ کی ضروریات کا بیشتر حصہ دارالعلوم ہی پوری کرتا ہے۔ جو ہمدردانِ ملت اور اربابِ خیر و صلاح کے جذبۂ ایثار اور پُرخلوص عطایا ہی سے پورا ہوتا ہے؛ کیوں کہ دارالعلوم حکومتوں اور ریاستوں کی امداد قبول نہ کر کے عامۃ المسلمین کی امداد واعانت پر ہی انحصار کرتا ہے۔

موجودہ ہوشربا گرانی اور غیر اطمینان بخش حالات میں جب کہ پورا ملک سخت پریشان ہے دارالعلوم کی آمدنی کا متاثر ہونا ناگزیر ہے، ایسے حالات میں ملت کے ہمدردوں اور دارالعلوم کے بہی خواہوں کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں، تا کہ یہ عظیم الشان علمی درسگاہ تعلیمی ترقیات میں اپنی مرکزی حیثیت اور تابناک ماضی کے مطابق قابلِ قدر خدمات جاری رکھ سکے، اس لیے ضرورت ہے کہ اہلِ دل مسلمان خصوصی توجہ سے کام لے کر دارالعلوم دیوبند کو مالی اعتبار سے اس درجہ مستحکم کر دیں کہ خدامِ دارالعلوم پورے اطمینان کے ساتھ اپنی خدمات میں مصروف رہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



حضرات معاونین صرف زکوٰۃ وصدقات تک ہی اپنے تعاون کو محدود نہ فرمائیں؛ بلکہ اصل رأس المال میں سے بھی بطور عطیہ وامداد دارالعلوم کو معقول مقدار میں چندہ دیں، تاکہ مصارفِ طلبہ کے علاوہ دوسرے ضروری اور اہم کاموں میں بھی رکاوٹ نہ ہو جو اس وقت پیش آرہی ہے۔

## دارالعلوم دیوبند شاہراہِ ترقی پر

دارالعلوم کے روزِ قیام ہی سے قدرت نے اس کے مزاج میں نمو وارتقاء کی خصوصی صلاحیت ودیعت رکھی ہے، اس نے ہر دور میں آگے بڑھنے اور اپنی خدمات کا دائرہ وسیع کرنے کی راہوں کے سلسلے میں غور کیا اور ترقی پذیری کے ساتھ اپنے سفر کو جاری رکھا لیکن ۱۴۰۲ھ کے بعد دارالعلوم دیوبند کے ہر شعبہ کی رفتار ترقی میں بے مثال اضافہ ہوا ہے، مختلف اصلاحات عمل میں آئیں، اکثر شعبوں میں ترقیاتی تبدیلیاں رونما ہوئیں اس طرح یہ عظیم الشان ادارہ اپنے نظام کی وسعت اور خدمات کی ہمہ گیری کے اعتبار سے کہیں سے کہیں جا پہنچا، اس عرصے میں رونما ہونے والی اصلاحات وترقیات، معیار اور مقدار، کیفیت اور کمیت سے متعلق ذیل میں چند شعبوں کا اجمالی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے:

## شعبہ جات دارالعلوم دیوبند

دارالعلوم دیوبند کا انتظامی اور تعلیمی وتربیتی کام درج ذیل مختلف شعبہ جات میں پھیلا ہوا ہے:

(۱) شعبۂ اہتمام (۲) شعبۂ تعلیمات (۳) شعبۂ افتاء (۴) شعبۂ محاسبی (۵) شعبۂ تنظیم وترقی (۶) شعبۂ تعمیرات (۷) شعبۂ دارالاقامہ (۸) شعبۂ مطبخ وآٹا چکی (۹) شعبۂ رابطہ مدارسِ اسلامیہ عربیہ (۱۰) شعبۂ کتب خانہ (۱۱) شعبۂ برقیات (۱۲) شعبۂ محافظ خانہ (۱۳) شعبۂ صفائی وچمن بندی (۱۴) شعبۂ مکاتب اسلامیہ کمیٹی (۱۵) شعبۂ بمبئی برانچ آفس (۱۶) شعبۂ کمپیوٹر برائے کتابت (۱۷) شعبۂ انٹرنیٹ (۱۸) شعبۂ مہمان خانہ (۱۹) شعبۂ خرید وفروخت واسٹاک روم (۲۰) شعبۂ مکتبہ دارالعلوم (۲۱) شعبۂ دعوت وتبلیغ (۲۲) شعبۂ ماہنامہ دارالعلوم (۲۳) شعبۂ ماہنامہ الداعی (۲۴) شعبۂ دارالصنائع (۲۵) شعبۂ عظمت ہسپتال (۲۶) شعبۂ مجلس تحفظ ختم نبوت (۲۷) شعبۂ محاضراتِ علمیہ (۲۸) شعبۂ ردّ عیسائیت (۲۹) شعبۂ تحفظ سنت (۳۰) شعبۂ شیخ الہند اکیڈمی (۳۱) شعبۂ



انگریزی زبان وادب۔ (۳۲) شعبۂ کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر۔ (۳۳) شعبۂ ترتیبِ فتاویٰ (۳۴) شعبۂ آن لائن فتویٰ

نوٹ: مذکورہ شعبہ جات میں سے بعض اہم شعبوں کا قدرے تعارف پیش ہے۔

## شعبۂ اہتمام

یہ شعبہ دارالعلوم دیوبند کا سب سے اہم شعبہ ہے، تعلیمی وتربیتی نیز جملہ انتظامی شعبہ جات ودفاتر اسی کے تحت کام کرتے ہیں، مالیات وحسابات کے کاغذات کی منظوری، ملازمین کی رخصتوں وغیرہ کی منظوری سے متعلق کاغذات اسی شعبہ سے ہو کر گزرتے ہیں۔ چنانچہ شعبۂ اہتمام کے ضمن میں چند اہم شعبوں کا مختصر طور پر تعارف کرایا جا رہا ہے۔

### شعبۂ تنظیم وترقی

یہ شعبہ دارالعلوم دیوبند کا ایک کلیدی شعبہ ہے، اس شعبہ کے تحت ۷۴ رسفراء پورے ملک میں مختلف مقامات پر دارالعلوم کے تعارف، ہمدردانِ دارالعلوم سے ربط اور فراہمی مالیات کا کام انجام دے رہے ہیں اور غلہ اسکیم کے حلقے میں پہنچ کر دارالعلوم کی ضرورت کے لیے چار ہزار کوئنٹل سے زائد غلہ کی فراہمی کا کام بھی انجام دیتے ہیں۔ یہ شعبہ ۱۳۵۵ھ میں قائم ہوا تھا اور اسی دن سے اس کی سرگرمیاں جاری ہیں، الحمدللہ اس شعبے کی کارکردگی ترقی پذیر ہے۔

### شعبۂ افتاء

اس شعبہ میں ملک وبیرون ملک سے سالانہ تقریباً ۱۶ رہزار سے زائد استفتاء (سوالات) موصول ہوتے ہیں جن کے مدلل جوابات مفتی صاحبان مرتب کرتے ہیں اور سب کے ملاحظہ اور تصدیقی دستخطوں کے بعد دارالافتاء کی مہر لگا کر ان کو روانہ کیا جاتا ہے۔

### شعبۂ انٹرنیٹ اور آن لائن فتویٰ

اس شعبہ کے تحت آن لائن فتویٰ، آن لائن دعوت اور آن لائن رابطہ کی اہم خدمات انجام پا رہی ہیں۔ آن لائن فتویٰ کے تحت دارالافتاء کی مکمل کارروائی کے بعد سالانہ پانچ ہزار سے زائد سوالات کا اردو یا انگریزی میں جواب بھیجا جاتا ہے۔ ویب سائٹ پر اردو، ہندی، انگریزی اور عربی میں دارالعلوم کا جامع تعارف موجود ہے۔ اسلامی لائبریری، اردو وعربی مقالات سیکشن، ماہنامہ الداعی اور ماہنامہ دارالعلوم کی آن لائن اشاعت کا سلسلہ بھی قائم

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہے۔اس شعبہ کے ذریعہ داخلہ، چندہ، اسلامی موضوعات، ریسرچ اور دیگر امور سے متعلق سوالات کا جواب بھی دیا جاتا ہے۔

## شعبۂ تحفظ ختم نبوت

اس شعبہ کے ذریعہ ملک بھر میں جھوٹے مدعی نبوت مرزا غلام احمد قادیانی کے فتنہ کا تعاقب کیا جاتا ہے اور اس سال چار فضلائے دارالعلوم کا انتخاب کرکے ردّ قادیانیت کی مشق کرائی جاتی ہے، ہر ایک کو قیام وطعام کی سہولت کے علاوہ -/1000 روپئے ماہوار وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔

## شیخ الہند اکیڈمی

اس شعبہ کے زیر اہتمام صحافت اور مضمون نگاری کی ٹریننگ دی جاتی ہے اور اس میں ۱۲ رفضلاء دارالعلوم دیوبند کو قیام وطعام کے ساتھ داخلہ دیا گیا ہے۔ اور -/200 ماہانہ نقد وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔

## شعبۂ محاضرات علمیہ

مسلک اہل سنت والجماعت کے خلاف اٹھنے والے باطل فرقوں کے تعاقب اور ان کی سرکوبی کے لیے مختلف موضوعات پر حضرات اساتذہ محاضرات پیش کرتے ہیں اور اس کے ہفتہ واری پروگراموں میں جملہ تکمیلات کے طلبہ حصہ لیتے ہیں اور اس میں ان کا سالانہ امتحان بھی لیا جاتا ہے۔

## شعبۂ ردّ عیسائیت

اس موضوع پر کام کرنے کے لیے باقاعدہ شعبہ کا قیام عمل میں آیا ہے اور ۳ رمنتخب فضلاء دارالعلوم کو ٹریننگ دی جاتی ہے۔ اس شعبہ میں -/1000 روپئے ماہانہ وظیفہ مع قیام وطعام کی سہولت دی جارہی ہے۔

## شعبۂ تحفظ سنت

یہ شعبہ چند سال قبل قائم ہوا ہے، اس کے تحت ردّ غیر مقلدیت کی مشق وتربیت کے لیے اس سال ۱۶ رفضلاء دارالعلوم کا انتخاب کرکے ان کو تیار کیا جارہا ہے، ان کو بھی قیام وطعام کے ساتھ نقد وظیفہ -/1000 روپئے ماہوار دیا جارہا ہے۔



## شعبۂ دارالصنائع

اس کے زیر اہتمام دس طلبہ کو خیاطی کا کام سکھلایا جاتا ہے۔ نیز شعبۂ تجوید اردو حفص کے شوقین طلبہ اپنے خالی گھنٹے میں باجازت اہتمام کام سیکھتے ہیں اور یہ شعبہ خارج میں ایک گھنٹہ کھولا جاتا ہے، اس شعبہ میں مستقل داخل طلبہ کو قیام وطعام کی سہولت دی جاتی ہے۔

## مطبخ

دارالعلوم کے مطبخ سے دونوں وقت طلبہ کو کھانا تیار کرکے دیا جاتا ہے، ایک وقت میں ساڑھے تین ہزار سے زائد طلبہ کا کھانا تیار ہوتا ہے، صبح کو دال ونان اور شام کو گوشت ونان دیا جاتا ہے۔ مہینے میں تین مرتبہ بریانی تیار کرکے طلبہ کو دی جاتی ہے۔

## شعبۂ دارالاقامہ

دارالعلوم کا ایک اہم شعبہ دارالاقامہ ہے جس کے متعلق طلبہ کی رہائش کے انتظام کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیمی نگرانی اور اخلاقی تربیت کا کام ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر سال اساتذۂ دارالعلوم میں سے ناظم اعلیٰ دارالاقامہ کا انتخاب عمل میں آتا ہے اور بارہ نظماء حلقہ جات منتخب کیے جاتے ہیں، جو اپنے اپنے حلقوں میں طلبہ کی سیٹوں کا انتظام بھی کرتے ہیں اور ان کی نگرانی اور تربیت کا فریضہ بھی انجام دیتے ہیں۔

## مکاتب اسلامیہ کمیٹی

دارالعلوم کی جانب سے ناخواندہ وجہالت زدہ علاقوں میں اور بالخصوص ان مقامات پر جو قادیانیت یا عیسائیت سے متاثر ہیں، مکاتب اسلامیہ کے قیام کا سلسلہ چند سالوں قبل شروع کیا گیا تھا، چناں چہ جب سے یہ سلسلہ جاری ہوا ہے، اس کے مفید نتائج مرتب ہورہے ہیں ان تمام مکاتب کے معلمین کو دارالعلوم کی طرف سے جزوی یا کلی مشاہرہ دیا جارہا ہے، اور تعلیمی پیش رفت کی نگرانی کا بھی معقول انتظام کیا گیا ہے۔ اس وقت ملک کے مختلف مقامات پر ان مکاتب کی تعداد ۲۸ رہے۔

## شعبۂ اوقاف

دارالعلوم دیوبند کے لیے وقف املاک کی نگرانی کے سلسلے میں یہ شعبہ قائم کیا گیا جو ہندوستان کے بیشتر علاقوں میں موجودہ ادارے کی وقف املاک کی نگرانی کرتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# شعبۂ تعلیمات

یہ شعبہ دارالعلوم دیوبند کا ایک اہم اور بنیادی شعبہ ہے، تعلیم وتربیت سے متعلق تمام درجات اس کے تحت اپنا اپنا فرضِ منصبی ادا کرتے ہیں۔ نظام تعلیم کی نگرانی اور نظم وانتظام کے لیے مجلس شوریٰ کی منتخب کردہ باضابطہ ایک ''مجلس تعلیمی'' ہے، مجلس تعلیمی کی نگرانی میں یہ شعبہ اپنی خدمات انجام دے رہا ہے، اس کے تحت مندرجہ ذیل تعلیمی درجات ہیں۔

(۱) درجاتِ عربیہ از اوّل تا چہارم (مدرسہ ثانویہ)
(۲) درجاتِ عربیہ از پنجم تا دورۂ حدیث
(۳) دارالافتاء وتدریب فی الافتاء
(۴) تکمیل ادب
(۵) تکمیل تفسیر
(۶) تکمیل علوم
(۷) تخصص فی الحدیث
(۸) شعبۂ انگریزی زبان وادب
(۹) شعبۂ کمپیوٹر (ٹریننگ سینٹر)
(۱۰) خوش نویسی (کتابت)
(۱۱) دارالصنائع
(۱۲) شعبۂ دینیات (اردو وفارسی)
(۱۳) شعبۂ حفظ
(۱۴) شعبۂ ناظرہ
(۱۵) شعبۂ تجوید، حفص اردو، عربی
(۱۶) قرأت سبعہ وعشرہ
(۱۷) شعبۂ تحفظ ختم نبوت
(۱۸) شیخ الہند اکیڈمی
(۱۹) شعبۂ ردّ عیسائیت
(۲۰) تحفظ سنت
(۲۱) شہری مکاتب

یوں تو شعبۂ تعلیمات روزِ اوّل ہی سے مصروفِ کار ہے، اور ہر دور میں اس کے نظام اور کام میں مختلف تبدیلیاں آتی رہتی ہیں، لیکن ۱۴۰۲ھ کے بعد سے اس شعبے میں نہایت اہم، دوررس اور مفید تبدیلیاں کی گئی ہیں، جن کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
(۱) اصلاحات (۲) اضافے۔

## اصلاحات

اس دور میں ہونے والی اصلاحات مختلف شعبوں سے تعلق رکھتی ہیں جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

(۱) ایک اہم اصلاح جدید داخلوں کے نظام میں کی گئی ہے، پہلے امتحانِ داخلہ تقریری ہوا کرتا تھا جس میں کثرتِ تعداد کی بنا پر کارروائی کی جلد تکمیل مشکل تھی، اب امتحانِ داخلہ تحریری کردیا گیا ہے، اور پرچوں کی جانچ کا طریقہ یہ اختیار کیا گیا ہے کہ تمام کاپیاں صرف



کوڈ نمبر کے ساتھ ایک جگہ رکھ دی جاتی ہیں، تمام ممتحن حضرات ایک ساتھ بیٹھتے ہیں اور کاپیاں جانچتے ہیں، اس طرح پہلے سے کوئی نہیں بتاسکتا کہ کون سا پرچہ کس طالب علم کا نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ پرچہ کس ممتحن کے پاس جائے گا۔ اس طرح کم وقت میں زائد کام ہوجاتا ہے اور طلبہ کا داخلہ استحقاقی درجہ ہی میں ہو پاتا ہے۔

(۲) دوسری اہم اصلاح دیگر امتحانات میں ہوئی ہے، پہلے سالانہ کے علاوہ دو امتحان ہوتے تھے، سہ ماہی اور ششماہی، دونوں امتحانات کی تیاری، پھر امتحان، اس کے بعد تعطیل وغیرہ میں کافی وقت لگتا تھا، جس سے سالانہ مقدار خواندگی متاثر ہوتی تھی، اب سہ ماہی امتحان ختم کرکے درمیان سال میں ''وسط مدتی امتحان'' کردیا گیا ہے، اس طرح وقت بچتا ہے اور مقصد وہی حاصل ہوتا ہے، اس لیے بھی کہ اس امتحان کا نظام سابقہ سہ ماہی وششماہی امتحانات سے کہیں بہتر بالکل سالانہ کے انداز پر کردیا گیا ہے۔

(۳) سالانہ امتحان کی جانچ کو محتاط بنانے کے لیے کوڈ نمبر کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے، کاپی کا سرِ ورق جس پر طالبِ علم کا نام وغیرہ ہوتا ہے علیحدہ کرلیا جاتا ہے اور کاپی پر صرف کوڈ نمبر ہوتا ہے، قدیم طلبہ کے داخلوں میں مجلسِ تعلیمی کے ضابطوں کی مکمل پابندی، تمام تکمیلات میں داخلے کے لیے متعین نمبرات کی شرط ہے اس طرح تمام تکمیلات کی افادیت میں اضافہ ہوتا ہے، خصوصاً درجۂ تکمیل افتاء کہ جید الاستعداد طلبہ کے انتخاب نے اس کی افادیت کو بہت زیادہ بڑھا دیا ہے۔

(۴) درجۂ تحفیظ القرآن کی کارکردگی بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے اور تمام ہی اساتذۂ حفظ کو مختلف اصول وضوابط کا پابند بنایا گیا ہے، اس طرح الحمدللہ اس درجے کی کارکردگی پہلے سے بہتر ہوگئی ہے۔ تحفیظ القرآن کی نگرانی کے لیے مستقل طور پر ایک ذمہ دار کو متعین کیا گیا ہے۔

(۵) درجات ناظرہ الگ سے قائم کیے گئے ہیں، ان میں شروع سے ہی قرآن پاک تجوید کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔

## اضافے

۱۴۰۲ھ کے بعد سے تعلیمات سے متعلقہ درجات میں بڑی وسعت آئی ہے، جو درج ذیل ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



### مدرسہ ثانویہ

تعلیم کے مراحل میں ابتدائی درجات بڑی اہمیت کے حامل ہیں، یہی درجات استعداد سازی کی بنیاد ہیں، اس لیے درجۂ چہارم تک کی تعلیم کو مدرسۂ ثانویہ کے نام سے علیحدہ کیا گیا ہے تاکہ خصوصی نگرانی کی جاسکے، اس کے اچھے نتائج سامنے آئے ہیں۔

### تخصص فی الحدیث

اس درجہ میں بھی ہر سال ۵ منتخب فضلاء دارالعلوم کو داخلہ دیا جاتا ہے، اس کا دوسالہ نصاب ہے اس طرح ۱۰ رطلبہ زیر تعلیم رہتے ہیں۔ جس کے ذریعہ طلبہ کو علوم حدیث وعلم اسماء الرجال وغیرہ سے قوی مناسبت پیدا کرائی جاتی ہے اوران کو قیام وطعام کے ساتھ -/1000 روپے ماہوار وظیفہ دیا جاتا ہے۔

### تخصص فی الادب

ایک سال تکمیل ادب میں تعلیم حاصل کرکے کامیاب ہونے والے جیدالاستعداد پانچ فاضل کا داخلہ اس میں کیا جاتا ہے اورعربی زبان وادب پر محنت کرائی جاتی ہے، اس شعبہ میں داخل طلبہ کو بھی قیام وطعام کے علاوہ -/625 سوروپے ماہوار وظیفہ دیا جاتا ہے۔

### تکمیل افتاء

اس درجہ میں جیدالاستعداداورمعیاری نمبرات لانے والے فضلاء کا انٹرویو کے بعد داخلہ ہوتا ہےاور پورے سال افتاء کے کورس کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے، نیز فتاویٰ نویسی کی مشق بھی کرائی جاتی ہے۔ اس شعبہ میں ۴۰ رفضلاء کو داخلہ دیا جاتا ہے۔

### تخصص فی الافتاء

تکمیل افتاء کے سالانہ امتحان میں امتیازی نمبرات حاصل کرنے والے طلبہ کو مزید دو سال مشق کرانے کیلئے تخصص فی الافتاء کا درجہ قائم ہے، جس میں چار فاضل کا داخلہ کیا گیا ہے۔ تخصص فی الافتاء سالِ اوّل میں داخل طلبہ کو -/1500 روپیہ ماہانہ اورسال دوم میں داخل طلبہ کو -/2500 روپے ماہانہ وظیفہ معہ قیام وطعام دیا جاتا ہے۔

### شعبۂ انگریزی زبان وادب

اس شعبہ میں باذوق ۲۰ رفضلاء دارالعلوم کو انٹرویو کے بعد داخل کیا جاتا ہے۔ اس کا



نصابِ تعلیم دوسالہ ہے۔ اس میں داخل شدہ تمام طلبہ کو قیام وطعام کی سہولت دی جاتی ہے اور -/200 روپیہ نقد وظیفہ دیا جاتا ہے۔

### کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر

کمپیوٹر جیسی نئی ایجاد کو اسلامی علوم وافکار کی اشاعت وترویج اوردین اسلام کے دفاع کا مؤثر ذریعہ بنانے کے لیے کئی سال قبل اس شعبہ کا قیام عمل میں آیا تھا، ۲۰ رطلبہ کو ہر سال قیام وطعام کے ساتھ داخل کیا جاتا ہے۔ اس کا نصابِ تعلیم ایک سالہ ہے۔

### شعبۂ ترتیبِ فتاویٰ

قدیم زمانے میں ''فتاویٰ دارالعلوم'' کے نام سے ۱۲ رجلدیں طبع ہو چکی تھیں، مگر اب چند سال پیشتر باضابطہ شعبہ قائم کرکے دارالعلوم کے دارالافتاء سے جاری عام فتاویٰ کے ذخائر کو عناوین، قیمتی حواشی اور فقہی عبارات کی تخریج وتعلیق سے آراستہ کرکے منظر عام پر لانے کا کام کیا جارہا ہے، چناں چہ اس شعبہ کے تحت ''فتاویٰ دارالعلوم'' کی چھ جلدیں طبع ہوکر منظر عام پر آگئی ہیں، اب ۱۸ رجلدوں پر مشتمل یہ سیٹ تیار ہو چکا ہے۔

### شہری مکاتب کا نظام

مقامی شہری مکاتب کی تعداد اس وقت ۸ رہے، جو شہر دیوبند میں قائم ہیں، جن کی نگرانی کے لیے ایک باقاعدہ نگراں مقرر ہے، دارالعلوم کی نگرانی میں ان کے امتحانات کا بھی نظم کیا تا ہے، اس وقت دس اساتذہ تعلیمی وتربیتی امور انجام دے رہے ہیں، یہ مکاتب دیوبند کے مختلف محلوں میں دارالعلوم کی طرف سے قائم ہیں۔

## زیرتعمیر کام

### دارِ جدید کی ازسرنو تعمیر

دارالعلوم دیوبند کا قدیم اور بڑا دارالاقامہ جو دارِ جدید کے نام سے موسوم ہے وہ تقریباً ۹۰ رسال سے زائد کا تعمیر شدہ ہے، خستہ حالی کے سبب اس کی عمارت خصوصاً برآمدے انتہائی مخدوش ہو گئے تھے، اس لیے اس کو منہدم کرکے اس کی تعمیر ازسرنو مرحلہ وار شروع ہو چکی ہے۔ منصوبہ کے مطابق ۱۲۵ رکمروں پر مشتمل یہ عمارت تین منزلہ ہوگی، طلبہ کے قیام کے لیے کشادہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کمرے ہوں گے جن میں دس دس طلبہ قیام کرسکیں گے۔ ہر طالب علم کے لیے بیڈ اور الماری علیحدہ علیحدہ ہوں گی۔

## دارِ جدید کی تعمیرِ نو کا پہلا مرحلہ

دارِ جدید کی تعمیرِ نو کا پہلا مرحلہ، جو دارالعلوم کے جنوبی گیٹ سے باب الظاہر تک ہے، بحمد اللہ ۴۰ر کمروں پر مشتمل یہ سہ منزلہ عمارت چند سال قبل مکمل ہوگئی تھی اور اس میں طلبہ کا قیام بھی کرادیا گیا تھا۔

## دوسرا مرحلہ

دارِ جدید کی تعمیرِ نو کا یہ دوسرا مرحلہ باب الظاہر سے مدنی گیٹ تک ہے، پہلے قدیم عمارت کو تڑواکر ملبہ وغیرہ صاف کرایا گیا اور بنیادی کام کے بعد اس وقت بفضلہٖ تعالیٰ ۴۰ر کمروں پر مشتمل یہ سہ منزلہ عمارت بھی مکمل ہوچکی ہے اور اس میں بھی طلبہ کا قیام کرادیا گیا ہے۔

## تیسرا مرحلہ

دارِ جدید کے تیسرے مرحلے کی تعمیر جو مدنی گیٹ سے احاطہ باغ تک ہے شروع کرادی گئی ہے، نیچے تہہ خانے کی تعمیر ہوکر اوپر تیسری منزل کا تعمیری کام چل رہا ہے، تہہ خانے کو برائے تعمیری اشیاء وغیرہ رکھنے کے لیے اسٹور کے طور پر کام میں لیا جائے گا۔ اس کے اوپر تین منزلہ یہ عمارت تعمیر ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

## کمروں کا سائز اور اس کا تخمینہ

دارِ جدید کے ان ہال نما بڑے کمروں کا سائز مع برآمدہ 43X23 فٹ ہے، ان کمروں میں دس دس طلبہ کا قیام ہوگا، ہر طالب علم کے لیے علیحدہ الماری اور آر، سی، بیڈ ہوگا، بڑے بڑے زینے، بیت الخلاء و غسل خانے اور کپڑے دھونے کے پلیٹ فارم بھی ہوں گے۔

اس ہال نما ایک بڑے کمرے کا تخمینہ مع لوازمات اور مع برآمدہ اس گرانی کے دور میں آٹھ لاکھ روپیہ سے زائد ہے۔

## شیخ الہند لائبریری

دارالعلوم دیوبند کے شایانِ شان ایک بڑی لائبریری کی سات منزلہ عمارت زیرِ تعمیر ہے، حضرات اکابر دارالعلوم نے اس لائبریری کو ''شیخ الہند لائبریری'' کے نام سے موسوم کیا



ہے، اس سات منزلہ لائبریری کی عمارت میں دو منزل عمارت درسِ حدیث کے لیے تیار ہوچکی ہے، جس کا رقبہ ستر ہزار اسکوائر فٹ ہے، اور اس کے نیچے تہہ خانے میں ایک بڑا ہال تعمیر کرایا گیا ہے جو امتحانات یا اجتماعات کے موقع پر کام آسکے اس کا رقبہ تقریباً پچاس ہزار اسکوائر فٹ ہے۔ سب سے اوپر کی چار منزلیں برائے لائبریری ہیں۔

ہر منزل پر آمد و رفت کے لیے چار لفٹ لگائی جائیں گی، جب کہ چار بڑے زینے تعمیر ہوچکے ہیں، دروازے، کھڑکیوں اور بجلی کی بہت سی ضروریات کے کام ابھی باقی ہیں۔ لائبریری کے باہر دیواروں پر پتھر لگانے کا کام جاری ہے جس کی تکمیل اہل خیر حضرات کی خصوصی توجہ کی منتظر ہے۔

## جدید درسگاہیں

اسی لائبریری سے متصل بڑی چھوٹی ۴۰ر درسگاہیں مع برآمدہ و زینہ وغیرہ تیار کی جاچکی ہیں، مزید تیس چھوٹی بڑی دو منزلہ درسگاہیں تعمیر ہورہی ہیں۔

## ایک دوسرے نئے مطبخ کی تعمیر

دارالعلوم کا مطبخ جو قدیم زمانے کا تعمیر شدہ ہے، اس کی عمارت کمزور اور مخدوش ہوگئی ہے، نیز اس کی عمارت دارالعلوم کی موجودہ ضرورت کے لیے ناکافی بھی ہے۔

مجلس شوریٰ کی منظوری کے بعد شیخ الاسلام منزل کی پشت پر دوسرے نئے مطبخ کی تعمیر شروع کرادی گئی ہے جس میں مطبخ کی تمام ضروریات مثلاً اجناس و آٹا رکھنے کے لیے گودام، آٹا چکی اور مصالحہ جات، آٹا گوندھنے کے لیے مشینوں کے علیحدہ علیحدہ کمرے تیار کیے گئے ہیں، مطبخ سے متعلق اس کا دفتر بھی ہوگا۔

زیرِ تعمیر مطبخ میں اطراف کے ۱۲ر کمرے تیار ہوچکے ہیں اور اوپر کی منزل پر تین عدد بڑے ہال نما گودام تعمیر کیے گئے ہیں۔ بحمد اللہ تعالیٰ تعمیری کام کی تکمیل ہوگئی، تعمیری کام کے علاوہ دیگر کام کا سلسلہ جاری ہے، دیگر ابھی کچھ کرانے باقی ہیں۔

## مطبخ سے متعلق ڈائننگ ہال

طلبہ کو یکجا بٹھا کر کھانا کھلانے کے لیے بڑے بڑے ہال کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے، مطبخ سے متصل ان کی تعمیر کا منصوبہ ہے۔ ان بڑے بڑے ہال کے اوپر طلبہ کے قیام کیلئے کمرے تعمیر ہوں گے، جو شیخ الاسلام منزل سے متصل تعمیر ہوکر شیخ الاسلام منزل کی تکمیل ہوجائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# منظور شدہ تعمیری منصوبے

## ایک جدید دارالاقامہ

''دارالقرآن'' کی عمارت کے پاس احاطہ دارالعلوم کے اندر سہارنپور روڈ پر ایک سہ منزلہ دارالاقامہ تعمیر کرنے کا منصوبہ ہے، اس کا نقشہ تیار کرالیا گیا ہے۔ منصوبہ کے مطابق اس دارالاقامہ میں بڑے بڑے ۲۷ رکمرے ہوں گے، ہر کمرے میں ۱۰ رطلبہ قیام کرسکیں گے، ہر طالب علم کے لیے الماری الگ الگ ہوں گی، ان کی ضروریات سے متعلق سہ منزلہ زینے، بیت الخلاء، غسل خانے اور کپڑے دھونے کے لیے پلیٹ فارم ہر منزل پر الگ الگ ہوں گے، اس عمارت سے متصل جی ٹی روڈ پر ایک بڑا گیٹ بھی تعمیر کرایا جائے گا۔

کمروں کا سائز معہ برآمدہ 12 x 22 فٹ ہوگا، تمام لوازمات کے ساتھ ایک کمرے کی تعمیر و تکمیل کا تخمینہ بسبب گرانی پانچ لاکھ روپیہ سے زائد ہے۔

## مزید ایک جدید مسجد

دارالقرآن سے متصل شیخ الاسلام منزل و دارالاقامہ اور مدرسہ ثانویہ نیز حضرات اساتذہ کی قیام گاہیں ہونے کی وجہ سے اس احاطے میں ایک مسجد کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے، چناں چہ مجلس شوریٰ نے ایک اور مسجد اس احاطے میں تعمیر کرنے کی منظوری عطا فرمادی ہے۔ نقشہ تیار کرایا جاچکا ہے، جس کا تخمینہ تین کروڑ پانچ لاکھ بانوے ہزار روپیہ ہے۔

انشاء اللہ یہ مسجد شیخ الاسلام منزل کے سامنے تعمیر ہوگی۔

ہمیں یقین کامل ہے کہ آپ دارالعلوم دیوبند کی ضروریات اور منصوبوں کی تکمیل کے پیش نظر پہلے سے زیادہ اعانت فرمائیں گے اور بالخصوص تعمیری منصوبوں کی تکمیل میں خصوصی حصہ لے کر صدقہ جاریہ کا ثواب حاصل فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا الجزاء

نوٹ: دارالعلوم دیوبند کو گورنمنٹ آف انڈیا کی طرف سے (جی ۸۰) G-80 ملا ہوا ہے، اس کے تحت چندہ دہندگان جو رقم دارالعلوم کو ارسال کریں گے ان کو انکم ٹیکس میں چھوٹ ملے گی۔



# حضرات اراکین شوریٰ دارالعلوم دیوبند

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | حضرت مولانا مفتی منظور احمد صاحب | کان پور |
| (۲) | حضرت مولانا سیّد محمد رابع حسنی صاحب ندوی | لکھنؤ |
| (۳) | حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب | مدراس |
| (۴) | حضرت مولانا ازہر نعمانی صاحب | رانچی |
| (۵) | حضرت مولانا بدرالدین اجمل صاحب | آسام |
| (۶) | حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی | اکل کوا |
| (۷) | حضرت مولانا عبدالعلیم صاحب فاروقی | لکھنؤ |
| (۸) | حضرت مولانا محمد طلحہ صاحب | سہارنپور |
| (۹) | حضرت مولانا مفتی محمد اسماعیل صاحب | مالیگاؤں |
| (۱۰) | حضرت مولانا محمد اشتیاق صاحب | مظفرپور |
| (۱۱) | حضرت جناب الحاج جمیل احمد صاحب | کلکتہ |
| (۱۲) | حضرت مولانا ملک محمد ابراہیم صاحب | میل وشارم |
| (۱۳) | حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری | ڈابھیل |
| (۱۴) | حضرت جناب حکیم کلیم اللہ صاحب | علی گڑھ |
| (۱۵) | حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب | کشمیر |
| (۱۶) | حضرت مولانا انوار الرحمن صاحب | بجنور |
| (۱۷) | حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالنپوری | صدر المدرسین |
| (۱۸) | حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب | مہتمم دارالعلوم دیوبند |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## دارالعلوم دیوبند سے تعاون کا طریقۂ کار

### (تعاون بصورت نقد رقم)

جو حضرات دارالعلوم کے منصوبوں کی تکمیل اور دارالعلوم کی ترقیات میں شریک ہونے کے لیے اپنے عطیات وزکوۃ وغیرہ کی رقوم ارسال کرنا چاہیں وہ یا تو اپنے حلقوں میں پہنچے ہوئے دارالعلوم کے سفراء کو رقومات دے کر رسید حاصل کریں یا پھر براہِ راست ادارہ کو منی آرڈر، ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ اپنی رقوم ارسال فرمائیں، دفتر سے وصولیابی کے بعد اس کی رسید ارسال کردی جائے گی۔

ڈرافٹ کے لیے: بنام

Accounts Name: **Darul Uloom Deoband**

| Banks Name | Accounts Number | |
|---|---|---|
| State Bank of India (DBD) | 30799743793 | SBIN0000632 |
| Union Bank of India (DBD) | 372901010014045 | UBIN0537292 |
| Punjab National Bank (DBD) | 0134002100018424 | PUNB0013400 |
| Central Bank of India (DBD) | 2073231814 | CBIN0282582 |
| Corporation Bank (DBD) | SB01001545 | CORP0000786 |
| ICICI Bank Ltd. (SRE) | 019101001478 | ICIC0000191 |
| Bank of Baroda (DBD) | 39580100000786 | BARBODEOBAN |
| HDFC Bank (DBD) | 19741450000023 | HDFC0001974 |
| Axis Bank (DBD) | 914010023076555 | UTIB0002426 |

### تعاون بصورت اشیاء

☆ دارالعلوم کے کتب خانے کے لیے درسی اور مطالعاتی کتب ☆ تعمیری کاموں کے لیے اینٹیں، بجری، سیمنٹ، سریا و دیگر تعمیراتی سامان ☆ درسگاہوں کے لیے پنکھے و دیگر بجلی کا سامان ☆ طلبہ کے لیے خورد و نوش کا سامان گندم وغیرہ ☆ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی و چرم قربانی کی رقومات ☆ دارالعلوم دیوبند کے شفاخانہ (عظمت ہسپتال) کے لیے دوائیں

صرفہ کا بجٹ سنہ ۱۴۳۸ھ

**29,69,95,000-00**

(انتیس کروڑ، انہتر لاکھ، پچانوے ہزار روپیہ)

اور چار ہزار کوئنٹل سے زائد غلہ



## دارالعلوم دیوبند کے تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل کے سلسلے میں

# اپیـــــل

بفضلہٖ تعالیٰ دارالعلوم دیوبند اپنی دینی، علمی، اخلاقی واصلاحی خدمات جاری رکھتے ہوئے شاہراہِ ترقی پر گامزن ہے، جس کی بنا پر بجا طور پر اس کو سرمایۂ ملت کا نگہبان، ملتِ اسلامیہ کے تہذیبی وتمدنی ورثہ کا امین اور برصغیر میں اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کا علمبردار مانا جاتا ہے، اور اپنی حیرت انگیز علمی وملّی خدمات کی بنا پر یہ ادارہ قرونِ اخیرہ میں کتاب وسنت کی حفاظت کا سب سے معتبر ومستند ادارہ قرار پایا ہے اور اسے دین ودیانت، علم وفن، مسلک صحیح، فکر سلیم اور صراطِ مستقیم کے مرکزی نمائندہ کی حیثیت حاصل ہوئی ہے، اس طرح الحاد وزندقہ، ذہنی ارتداد کے منہ زور سیلاب کے مقابلے میں دارالعلوم کا مسلک ومشرب ''نشانِ ہدایت'' بن گیا ہے۔

ظاہر ہے کہ ایسے تاریخی کردار کے حامل ادارہ کا استحکام وترقی ملتِ اسلامیہ کے استحکام وترقی کے ہم معنی ہے۔ خداوندِ کریم کا فضل وکرم ہے کہ امتِ مسلمہ نے دارالعلوم دیوبند کو ہمیشہ ترقی کی شاہراہ پر گامزن رکھنے کی مخلصانہ مساعی کی ہیں، اور دامے، درمے، قدمے، سخنے ہر طرح مخلصانہ تعاون سے نوازا ہے۔

ہم خدام دارالعلوم ان تمام ہمدردان ومعاونین کے صمیم قلب سے شکر گزار ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ امت مسلمہ کا ہر فرد، بالخصوص بہی خواہانِ دارالعلوم، اس وقت دارالعلوم کے تعمیراتی منصوبوں اور ضروریات کی جانب خصوصی توجہ فرمائیں گے۔

والسلام

مخلص

بندہ ابوالقاسم نعمانی غفرلہٗ

مہتمم دارالعلوم دیوبند

# احکام رمضان المبارک

اور

# حالات دار العلوم دیوبند

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴۳۸ھ | مطابق | ۲۰۱۷ء |

حسب ہدایت

حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی مدظلہ العالی

مہتمم دار العلوم دیوبند

شائع کردہ

شعبۂ تنظیم وترقی دار العلوم دیوبند

DAFTAR TANZEEM -O-TARAQQI
DARUL ULOOM DEOBAND U.P. (India)
Phone: No (01336) 222429 Fax: 222768

# وأن تصوموا خیرٌ لکم

☆ رمضان المبارک کا مہینہ خیر و برکت کا مہینہ ہے۔

☆ رمضان المبارک میں شیاطین قید و بند میں ڈال دیئے جاتے ہیں۔

☆ رمضان المبارک میں خاص طور پر عبادت کا اہتمام کرنا چاہئے۔

☆ رمضان المبارک کی راتوں میں ایک رات (شبِ قدر) آتی ہے جس میں عبادت کا ثواب ایک ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ ملتا ہے، اس رات میں حضرت جبرئیل علیہ السلام ملائکہ کی ایک جماعت کے ساتھ تشریف لاتے ہیں اور جس بندہ کو عبادت میں مشغول پاتے ہیں اس کے لئے دعا کرتے ہیں، اور تمام فرشتے آمین کہتے ہیں۔

☆ رمضان المبارک میں خداوند قدوس کی بے پناہ رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

☆ رمضان المبارک کا مہینہ روحانی ترقی کے لئے ایسا ہے جیسے ساون کا مہینہ ہریالی کے واسطے۔

☆ رمضان المبارک میں اپنے غریب بھائی بہنوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

☆ روزہ مخلصانہ عبادت ہے جس میں دکھاوٹ کا کوئی شائبہ نہیں اس لئے حق تعالیٰ اس کا اجر بطور خاص عطا فرمائیں گے۔

☆ رمضان المبارک کے مہینے میں ہر نیکی کا ثواب ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔



☆

# ماہ رمضان کے فضائل و برکات

رمضان المبارک کا مہینہ اپنی خصوصیات اور فضائل و برکات کی وجہ سے امتیازی شان رکھتا ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور سرکش شیاطین کو قید و بند میں ڈال دیا جاتا ہے، اس ماہ مبارک کا ابتدائی عشرہ رحمت، درمیانی عشرہ مغفرت اور آخری عشرہ دوزخ سے آزادی کا وقت ہے، رمضان میں بے حساب برکتوں اور رحمتوں والی ایک رات (شبِ قدر) آتی ہے جو قرآن کریم کے ارشاد کے مطابق ہزار مہینوں سے بہتر ہے، اس بابرکت مہینہ میں اہلِ ایمان کے رزق میں اضافہ کیا جاتا ہے، اسی مبارک مہینہ میں قرآن پاک نازل کیا گیا، جس کی ہدایت کی بدولت انسانی زندگی میں ایمان و یقین کی روشنی آئی، امن و امان کی فضا پیدا ہوئی، اس مہینہ میں دن کے روزوں کے علاوہ رات میں ایک خاص عبادت کا عمومی اور اجتماعی نظام قائم کیا گیا جو تراویح کی شکل میں ملتِ اسلامیہ میں رائج ہے، دن کے روزوں کے ساتھ رات کی تراویح کی برکات مل جانے سے اس مہینہ کی نورانیت اور تاثیر میں نمایاں اضافہ ہوجاتا ہے، جس کو اپنے ادراک و شعور اور احساس کے مطابق ہر بندہ محسوس کرتا ہے جو ان باتوں سے کچھ بھی تعلق اور مناسبت رکھتا ہے اور جس کے دل میں ایمان و یقین کی ہلکی سی بھی روشنی موجود ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ رمضان کے دنوں میں روزے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فرض کیے گئے ہیں، اور راتوں میں تراویح کو سنت قرار دیا گیا ہے۔ نیز اس ماہ میں اس کی طرف سے ایک منادی اعلان کرتا رہتا ہے، اے خیر کے طلب کرنے والو! بھلائی کے کام کی طرف آگے بڑھو، اور اے برائی کے چاہنے والو! اپنی برائیوں سے باز آؤ۔

## روزہ کا اجر و ثواب

رسول اکرم ﷺ نے روزہ کی فضیلت اور اس کی قدر و اہمیت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: آدمی کے ہر اچھے عمل کا ثواب روزہ کے نتیجہ میں سات سو گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے، حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ روزہ عام قاعدہ اور اصول سے بالاتر ہے، دراصل بندہ کی طرف سے یہ میرے لیے ایک تحفہ ہے، میں اعزاز و اکرام کے ساتھ اس کا اجر و ثواب خود عطا کروں گا، میرا بندہ میری رضا کی خاطر اپنی خواہشِ نفس ترک کر دیتا ہے اور اپنا کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے، لہٰذا میں خود اپنی مرضی کے مطابق اس کی نفس کشی اور پُرخلوص قربانی کا صلہ دوں گا۔ روزہ دار کے لئے دو طرح کی مسرتیں ہیں، ایک افطار کے وقت کی مسرت، دوسری جب وہ اپنے مالک و مولیٰ کے حضور میں باریابی کا شرف حاصل کرے گا، روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے، یعنی انسانوں کے لیے مشک کی خوشبو جس قدر عمدہ ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک روزہ دار کے منہ کی بو اس سے بھی زیادہ پیاری ہے، روزہ دنیا میں نفس و شیطان کے شدید حملوں سے بچاؤ کے لیے اور آخرت میں جہنم کی ہولناکیوں سے تحفظ کے لئے ایک مؤثر ذریعہ اور ایک مضبوط ڈھال ہے، جب تم میں سے کسی کا روزہ ہو تو اسے چاہیے کہ بیہودہ گوئی اور فحش باتوں سے بچا رہے، شور و شغب نہ کرے، اگر کوئی دوسرا آدمی اس سے گالی گلوچ یا جھگڑے کا برتاؤ کرے تو کہہ دے کہ میں روزہ دار ہوں۔ (بخاری و مسلم)



رمضان المبارک کے روزے رکھنا اسلام کا تیسرا فرض ہے، جو شخص اس کے فرض ہونے کا انکار کرے وہ مسلمان نہیں رہتا اور جو اس اہم فرض کو ادا نہ کرے وہ سخت گنہ گار اور فاسق ہے۔

## رویتِ ہلال

اگر مطلع صاف ہو تو رمضان اور عید کے موقع پر بہت سے لوگوں کا چاند دیکھنا ضروری ہے، ایک یا دو کی شہادت معتبر نہیں ہوگی اور اگر مطلع صاف نہیں ہے تو رمضان کے چاند کے متعلق ایک مسلمان کا خبر دینا بھی کافی ہے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ فسق میں مبتلا نہ ہو، عید کے چاند کے لئے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں چاند دیکھنے کی گواہی دیں کہ ہم نے چاند دیکھا ہے۔ یہاں بھی ضروری ہے کہ وہ سب عادل ہوں، فاسق و بدکار نہ ہوں تو چاند مان لیا جائے گا۔ چاند کے ثابت ہونے میں جنتری کا اعتبار نہیں، چاند کے سلسلہ میں تار، ٹیلیفون اور ریڈیو کی خبر بھی مقامی ذمہ دار مفتی کی تصدیق کے بغیر معتبر نہیں۔

## روزہ کی نیت

نیت کہتے ہیں دل سے قصد و ارادہ کرنے کو، خواہ زبان سے کچھ کہے، یا نہ کہے، روزہ کے لیے نیت شرط ہے، اگر روزہ کا ارادہ نہ کیا اور تمام دن کچھ کھایا پیا بھی نہیں تو روزہ نہ ہوگا، رمضان کے روزے کی نیت رات سے کر لینا بہتر ہے، رات میں اگر نیت نہ کی ہو تو زوال سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے تک دن میں نیت کرسکتا ہے بشرطیکہ کچھ کھایا پیا نہ ہو۔

## وہ چیزیں جن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے

(۱) کان اور ناک میں دوا ڈالنا (۲) قصداً اپنے اختیار سے منہ بھر کے قے کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



(۳)روزہ یادرہتے ہوئے کلی کرتے وقت حلق میں پانی چلا جانا(۴)عورت یا کسی مرد کو چھونے وغیرہ سے انزال ہوجانا(۵) کوئی ایسی چیز نگل جانا جو عادتاً کھائی نہیں جاتی، جیسے لکڑی، لوہا اور کچے گیہوں کا دانہ وغیرہ(٦)لوبان یا عود وغیرہ کا دھواں قصداً ناک یا حلق میں پہنچانا، بیڑی، سگریٹ اور حقہ پینا(۷) بھول کر کھا پی لیا، یاد آنے پر یہ خیال کیا کہ اب تو روزہ جاتا رہا پھر قصداً کھا پی لیا(۸)رات سمجھ کر صبح صادق کے بعد سحری کھالی(۹)دن باقی تھا مگر غلطی سے یہ سمجھ کر کہ آفتاب غروب ہوگیا ہے، افطار کرلیا۔

ان سب چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، مگر صرف قضا واجب ہوتی ہے۔ کفارہ ادا کرنا لازم نہیں (۱۰) جان بوجھ کر بیوی سے صحبت کرنے یا کھانے پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اس صورت میں قضا بھی لازم آتی ہے اور کفارہ بھی، کفارہ یہ ہے کہ ساٹھ روزے متواتر رکھے، بیچ میں ناغہ نہ ہو، اگر ناغہ ہوگیا تو پھر سے متواتر ساٹھ روزے پورے کرنے پڑیں گے، اور اگر روزے کی طاقت نہیں تو پھر ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلا دے۔

## وہ چیزیں جن سے روزہ نہیں ٹوٹتا مگر مکروہ ہوجاتا ہے

(۱)بلاضرورت کسی چیز کو چبانا یا نمک وغیرہ چکھ کر تھوک دینا، ٹوتھ پیسٹ یا منجن یا کوئلے سے دانت صاف کرنا، ان سب صورتوں میں روزہ مکروہ ہوجاتا ہے (۲) تمام دن حالت جنابت میں (بغیر غسل کئے) رہنا (۳)فصد کرانا، یا کسی مریض کے لئے اپنا خون دینا(۴)غیبت یعنی کسی کی عدم موجودگی میں اُس کی برائی کرنا، جو ہر حال میں حرام ہے، روزہ میں اس کا گناہ اور بڑھ جاتا ہے(۵)روزہ میں لڑنا جھگڑنا، گالی دینا، خواہ انسان کو دی جائے یا کسی جانور کو یا بے جان کو، ان سب چیزوں سے روزہ مکروہ ہوجاتا ہے۔



## وہ چیزیں جن سے نہ روزہ ٹوٹتا ہے اور نہ مکروہ ہوتا ہے

(۱)مسواک کرنا(۲)سر یا مونچھوں میں تیل لگانا(۳) آنکھوں میں دوا یا سرمہ ڈالنا (۴)خوشبو سونگھنا (۵) گرمی یا شدتِ پیاس کی وجہ سے غسل کرنا (٦) کسی قسم کا انجکشن لگوانا(۷)حلق میں بلا اختیار دھواں یا گرد وغبار یا مکھی وغیرہ کا چلا جانا(۸) کان میں پانی بلا ارادہ چلا جانا(۹)خود بخود قے آجانا(۱۰)سوتے ہوئے احتلام (غسل کی ضرورت) ہوجانا(۱۱)اگر خواب میں یا صحبت کرنے کی وجہ سے غسل کی ضرورت پیش آگئی اور صبح صادق ہونے سے پہلے غسل نہ کیا اور اسی حالت میں روزہ کی نیت کرلی تو روزہ میں کوئی خلل واقع نہ ہوگا(۱۲)اگر بیوی کو اپنے خاوند یا نوکر کو آقا کے غصہ کا قوی اندیشہ ہو تو کھانے میں نمک چکھ کر تھوک دینا مکروہ نہیں۔

## روزہ نہ رکھنے کی اجازت

(۱)اگر بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو یا مرض کے بڑھ جانے کا شدید خطرہ ہو تو روزہ نہ رکھنا جائز ہے، بعد میں اس کی قضا لازم ہے(۲)اگر عورت حمل سے ہے اور روزہ رکھنے میں بچہ کو یا اپنی جان کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہے تو روزہ نہ رکھے، بعد میں قضا کرے(۳)جو عورت اپنے یا کسی غیر کے بچے کو دودھ پلاتی ہے اور روزے سے دودھ کم ہوجاتا ہے اور بچے کو تکلیف پہنچتی ہے تو روزہ نہ رکھے، بعد میں قضا کرے(۴)شرعی مسافر جو کم از کم ۴۸ میل (تقریباً سوا ستتر [۱] کلومیٹر) سفر کی نیت کرکے گھر سے نکلا ہو، اس کے لیے اجازت ہے کہ روزہ نہ رکھے، لیکن اگر سفر میں کوئی تکلیف یا دقت نہ ہو تو افضل یہ ہے کہ روزہ

[۱] صحیح پیمائش ۷۷ / کلومیٹر ۲۴۷ میٹر اور ۳٦ سینٹی میٹر ہے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



رکھ لے اور اگر خود کو یا ساتھیوں کو تکلیف ہو تو پھر روزہ نہ رکھنا افضل ہے (۵) اگر روزہ کی حالت میں سفر شروع کیا تو اب روزہ کا پورا کرنا ضروری ہے، کوئی شخص سفر میں تھا، بغیر روزہ کے تھا اور افطار سے پہلے کسی بھی وقت گھر پہنچ گیا تو اب اسے چاہئے کہ افطار تک روزہ کے احترام میں کھانے پینے سے احتراز کرے، اور اگر صبح صادق کے بعد سے کچھ کھایا پیا نہیں تھا کہ سفر سے آگیا اور ایسے وقت میں آیا جس میں روزہ کی نیت ہو سکتی ہے یعنی زوال سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے تو اس پر لازم ہے کہ روزہ کی نیت کرے اور روزہ رکھے۔ (٦) اگر کسی کو قتل کی دھمکی دے کر روزہ توڑنے پر مجبور کیا جائے تو اس کے لیے روزہ توڑ دینا جائز ہے، پھر قضا کرے (۷) اگر بیماری یا بھوک پیاس کا اتنا غلبہ ہو جائے کہ جان کا خطرہ لاحق ہو جائے تو روزہ توڑ دینا نہ صرف یہ کہ جائز ہے، بلکہ واجب ہے، البتہ اس کی قضا لازم ہوگی، کفارہ واجب نہیں (۸) عورت کے لئے ایامِ حیض میں اور بچہ کی پیدائش کے بعد جو خون (نفاس) آتا ہے اس کے دوران روزہ رکھنا جائز نہیں، ان دنوں میں روزے نہ رکھے بعد میں قضا کرے (۹) بیمار، مسافر اور حیض و نفاس والی عورت کے لیے رمضان میں روزے نہ رکھنا اور کھانا پینا جائز ہے، لیکن رمضان المبارک کے احترام کی وجہ سے ان کے لیے لازم ہے کہ سب کے سامنے کھانے پینے سے احتراز کریں۔

## روزہ کی قضا

(۱) کسی عذر سے روزہ قضا ہو گیا تو جب عذر جاتا رہے تو جلد قضا کر لینا چاہیے، زندگی کا کچھ بھروسہ نہیں، کیا معلوم کس وقت موت آجائے، قضا روزوں میں اختیار ہے کہ متواتر رکھے یا ایک ایک کر کے رکھے (۲) اگر مسافر سفر سے لوٹنے کے بعد یا مریض تندرست ہو جانے کے بعد اپنی موت تک اتنا وقت نہ پائے کہ جس میں قضا شدہ روزے ادا کر سکے تو اس کے ذمہ قضا لازم نہیں، سفر سے



لوٹنے اور بیماری سے تندرست ہونے کے بعد جتنے دن ملیں اتنے دن کی قضا لازم ہوگی (۳) اگر کسی نے فوت شدہ روزے قضا کرنے کا وقت پایا، لیکن ابھی تک قضا نہیں کیے، کہ موت کا وقت آگیا تو وصیت کرنا ضروری ہے، اگر وصیت کیے بغیر مر گیا تو مناسب ہے کہ اس کے ورثاء ہر روزہ کے بدلے میں ایک کلو ۶۳۳ / گرام گندم یا تین کلو ۲٦٦ / گرام جو یا ان کی قیمت غریبوں پر صدقہ کریں اور اگر وہ مرنے والا مال چھوڑ کر مرا ہے اور روزہ کی وصیت کر گیا تو ہر روزہ کے بدلے میں مذکورہ مقدار فدیہ ادا کرنا واجب ہے۔

## سحری

روزہ دار کو آخر رات میں صبح صادق سے پہلے سحری کھانا مسنون ہے، اس میں برکت ہے اور ثواب ہے، آدھی رات کے بعد جس وقت بھی کھائے سحری کی سنت ادا ہو جائے گی، مگر آخر رات میں کھانا افضل ہے، اگر مؤذن نے صبح صادق سے پہلے اذان دے دی تو سحری کھانا منع نہیں، صبح صادق سے ذرا پہلے تک سحری کھانا جائز ہے، سحری سے فارغ ہو کر دل میں رزہ کی نیت کر لینا کافی ہے۔

## افطار

آفتاب کے غروب ہو جانے کے بعد افطار میں دیر کرنا مکروہ ہے، ہاں جب مطلع ابر آلود ہو تو دو چار منٹ انتظار کر لینا بہتر ہے۔ ویسے تین منٹ کی احتیاط بہر حال کرنا چاہیے۔ کھجور اور خرما سے روزہ افطار کرنا افضل ہے اور کسی دوسری چیز سے افطار کرنے میں بھی کوئی کراہت نہیں، اگر کسی دوسرے کی دی ہوئی چیز سے افطار کرے تو اس سے ثواب کم نہ ہوگا، البتہ اگر یہ چیز حرام یا مشتبہ ہو تو اُسے ہرگز قبول نہ کیا جائے، اگر روزہ افطار کرنے اور کھانے پینے کی وجہ سے مغرب کی نماز و جماعت میں دس منٹ کی تاخیر کر دی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں، افطار کے وقت یہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دعا مسنون ہے: اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ أَفْطَرْتُ اور افطار کے بعد یہ دعا پڑھے:

ذَھَبَ الظَّمأُ وَ ابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَ ثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللہ

# تراویح

(۱) رمضان المبارک میں عشاء کے فرض اور سنت کے بعد بیس رکعات تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہے (۲) تراویح کی جماعت سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہے، اگر محلہ کی مسجد میں جماعت ہوتی ہو اور کوئی شخص علیحدہ اپنے گھر میں تراویح پڑھ لے تو جائز ہے مگر مسجد اور جماعت کے ثواب سے محروم رہے گا، اور اگر محلہ کی مسجد میں باجماعت تراویح کسی نے نہ پڑھی تو سارے محلہ والے ترکِ سنت کے مرتکب ہونے کی وجہ سے گنہ گار ہوں گے۔ (۳) تراویح میں ایک بار قرآن کریم ختم کرنا سنت ہے، تراویح پڑھانے کے لئے اگر حافظ قرآن نہ ملے یا ملے مگر بلا اجرت نہ سنائے تو چھوٹی سورتوں سے مثلاً اَلم ترکیف سے نماز تراویح ادا کریں، اجرت دے کر قرآن پاک نہ سنیں کیوں کہ قرآن پاک سنانے پر اجرت دینا اور لینا دونوں حرام ہیں، سامع کے لئے بھی اجرت لینا جائز نہیں اجرت پر قرآن سنانے سے نہ تو امام کو ثواب ملتا ہے، نہ مقتدیوں کو ثواب ملتا ہے۔ (۴) اگر ایک حافظ ایک مسجد میں ۲۰/ رکعت تراویح پڑھ چکا ہے تو اس کو دوسری مسجد میں اسی رات میں تراویح پڑھانا درست نہیں (۵) اگر تراویح میں دو رکعت پر بیٹھنا بھول گیا اور پوری چار رکعت پر سلام پھیرا تو صرف آخری دو رکعتیں تراویح میں شمار ہوں گی اور شروع میں پڑھی ہوئی دو رکعتیں اور ان میں پڑھا ہوا قرآن پاک لوٹایا جائے گا لیکن اگر دو رکعت پر قعدہ کیا ہے یعنی بیٹھا ہے تو چاروں رکعتیں تراویح میں شمار ہوں گی۔ اعادہ کی ضرورت نہیں (۶) جس شخص کی تراویح کی دو چار رکعتیں رہ گئی ہوں اور امام نے نماز وتر پڑھانی شروع کر دی ہو تو اس کو چاہیے کہ امام کے ساتھ وتر کی جماعت میں شامل ہو جائے، باقی رہی ہوئی تراویح بعد میں پوری کرے۔ (۷) جس شخص کو



عشاء کی نماز باجماعت نہ ملی ہو بلکہ تنہا پڑھی ہو وہ امام کے ساتھ وتر باجماعت پڑھ سکتا ہے (۸) جس نے تراویح کی نماز جماعت سے نہیں پڑھی اسے وتر کی جماعت میں شریک نہ ہونا چاہیے بلکہ اپنی تراویح کے بعد وتر پڑھنی چاہیے، لیکن اگر جماعت میں شریک ہو گیا تو اس کی نماز وتر ہو گئی، لوٹانے کی ضرورت نہیں (۹) قرآن پاک کو اس قدر تیز پڑھنا کہ حروف کٹ جائیں سخت گناہ ہے، اس صورت میں نہ امام کو ثواب ملے گا اور نہ مقتدیوں کو (۱۰) اس قدر زیادہ قراءۃ کرنا کہ مقتدیوں کو تکلیف ہو مکروہ ہے، تین دن سے کم میں قرآن کریم ختم کرنا اچھا نہیں ہے (۱۱) نابالغ کو تراویح میں امام بنانا جائز نہیں ہے۔

# اعتکاف

رمضان المبارک اور بالخصوص اس کے آخری عشرہ کے اعمال میں سے ایک عمل اعتکاف بھی ہے، اعتکاف کی حقیقت یہ ہے کہ ہر طرف سے یکسو ہو کر مسجد میں رہے اور خدا کی عبادت اور اس کے ذکر میں لگا رہے اعتکاف کی نیت کرکے مسجد میں داخل ہوا اور سوائے ایسی حاجاتِ ضروریہ کے جو مسجد میں پوری نہ ہو سکیں جیسے پیشاب، پاخانہ کی ضرورت، غسل واجب یا وضو کی ضرورت، مسجد سے باہر نہ جائے (۲) رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہے، یعنی اگر بڑے شہر کے ہر محلہ میں اور چھوٹے دیہات کی ہر بستی میں کوئی بھی اعتکاف نہ کرے تو سب پر ترکِ سنت کا وبال رہے گا، اور کوئی ایک بھی محلہ میں اعتکاف کر لے تو سب کی طرف سے سنت ادا ہو جائے گی (۳) اعتکاف میں کوئی خاص عبادت متعین نہیں، نماز، تلاوت کلام پاک، دینی کتابوں کا پڑھنا یا ذکر اللہ کرنا، غرض جو عبادت بھی چاہے کرتا رہے (۴) جس مسجد میں اعتکاف کیا گیا ہے اگر اس میں جمعہ نہیں ہوتا تو نماز جمعہ کے لیے اندازہ کر کے ایسے وقت مسجد سے نکلے کہ جامع مسجد میں پہنچ کر سنتیں ادا کرنے کے بعد خطبہ سن سکے، اگر اس سے کچھ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پہلے مسجد میں چلا گیا تو بھی اعتکاف میں خلل نہیں پڑے گا۔ (۴) اگر بلاضرورت طبعی وشرعی تھوڑی دیر کے لیے بھی مسجد سے باہر چلا جائے گا تو اعتکاف جاتا رہے گا خواہ جان بوجھ کر نکلے یا بھول کر، اس صورت میں اعتکاف کی قضا کر لینا بہتر ہے (۵) اگر آخری عشرہ کا اعتکاف کرنا ہو تو اعتکاف کی نیت سے بیس تاریخ کو غروبِ آفتاب سے پہلے مسجد میں داخل ہو اور جب عید کا چاند نظر آئے تب اعتکاف سے باہر نکلے (۶) غسل جمعہ یا محض گرمی سے پریشان ہو کر غسل کے واسطے مسجد سے باہر نکلنا معتکف کے لیے جائز نہیں (۷) معتکف کو لڑائی جھگڑے اور فضول باتوں سے بچنا چاہیے، مسجد کے احترام کے خلاف بھی کوئی کام نہ کرنا چاہیے۔

## شب قدر

چوں کہ اس امت کی عمریں بہ نسبت پہلی امتوں کے کم ہیں، اس لیے حق تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ایک رات ایسی عنایت فرمائی ہے کہ جس میں عبادت کرنے کا ثواب ایک ہزار مہینہ کی عبادت سے بھی زیادہ ہے، لیکن اس رات کے تعین کو پوشیدہ رکھا گیا تاکہ لوگ اس کو تلاش کریں اور بے حساب ثواب حاصل کریں، اس کے لیے کوئی رات متعین نہیں، رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں شب قدر آنے کا زیادہ امکان ہے، یعنی ۲۱ ویں، ۲۳ ویں، ۲۵ ویں، ۲۷ ویں اور ۲۹ ویں، ستائیسویں شب میں اولیاء اللہ نے اسے پایا ہے، ان راتوں میں بہت محنت سے عبادت اور توبہ واستغفار اور دعا میں مشغول رہنا چاہیے۔ اگر تمام رات جاگنے کی طاقت نہ ہو تو جس قدر ہو سکے جاگے اور نفل نماز، دُعا، تلاوت قرآنِ کریم یا ذکر وتسبیح میں مشغول رہے اور کچھ نہ ہو سکے تو عشاء اور صبح کی نماز جماعت سے ادا کرنے کا اہتمام کرے، حدیث پاک میں آیا ہے کہ یہ



اہتمام بھی رات بھر جاگنے کے حکم میں ہو جاتا ہے، ان راتوں کو صرف جلسوں اور تقریروں میں صرف کر کے سوجانا بہت بڑی محرومی کی بات ہے، تقریریں ہر رات ہو سکتی ہیں مگر شب قدر کی عبادت کا یہ موقعہ بار بار ہاتھ نہیں آئے گا، البتہ جو لوگ رات بھر جاگ کر عبادت کرنے کی ہمت رکھتے ہیں، وہ شروع میں کچھ وعظ سن لیں پھر نوافل اور دعاء میں لگ جائیں تو درست ہے، شب قدر کی خاص دعا ہے: اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّی۔

## صدقۂ فطر

صدقۂ فطر ہر اس شخص پر واجب ہے جس کے پاس ضروریاتِ زندگی کے علاوہ ۶۱۲ گرام (۳۶۰ ملی گرام) چاندی یا ساڑھے ۸۷ گرام سونا یا اس کی قیمت کے بقدر رقم ہو یا حوائج اصلیہ سے زائد ایسی چیزیں موجود ہوں جن کی قیمت بقدر نصاب ہو خواہ وہ چیزیں تجارت کے لیے نہ ہوں جیسے رہائش کے مکان سے زائد مکان گھر کے مصارف کے بقدر کاشتکاری کی زمین سے زائد زمین، ضرورت کے کپڑوں اور برتنوں سے زائد کپڑے اور برتن وغیرہ (۲) صدقۂ فطر کے نصاب پر سال کا گذرنا شرط نہیں ہے بلکہ عید الفطر کے روز بقدر نصاب مالیت کا ہونا صدقۂ فطر کے وجوب کے لیے کافی ہے (۳) جس کے پاس نصاب مذکور کے بقدر مال ہو وہ اپنی طرف سے اور اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرے (۴) ایک آدمی کا صدقۂ فطر ایک کلو ۶۳۳ گرام گندم یا تین کلو ۲۶۶ گرام جو یا ان کی قیمت ہے (۵) رمضان کی آخری تاریخ میں یا یکم شوال کی صبح صادق سے قبل پیدا ہونے والے بچہ کا صدقۂ فطر دینا بھی لازم ہے (۶) صدقۂ فطر انہیں لوگوں کو دیا جاسکتا ہے جن کو زکوٰۃ دینا جائز ہے، البتہ زکوٰۃ کافر کو نہیں دی جاسکتی اور صدقۂ فطر دیا جاسکتا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہے۔(۷) صدقۂ فطر صبح سویرے نماز عید کے لیے جانے سے پہلے دیدے اگر پہلے نہیں دیا تاخیر کردی تب بھی یہ ساقط نہیں ہوگا، بعد میں ادا کرنا ضروری ہے۔

## عید کی نماز پڑھنے کا طریقہ

پہلے دل سے نیت کرے کہ میں دو رکعت نماز عید واجب پڑھتا ہوں چھ زائد تکبیروں کے ساتھ اللہ کے واسطے اس امام کے پیچھے، پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ کانوں تک اٹھا کر باندھ لے اور سبحانک اللھم آخر تک پڑھے پھر تین تکبیریں کہے، پہلی اور دوسری تکبیر میں اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ کانوں تک اٹھا کر چھوڑ دے اور تیسری تکبیر میں اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ کانوں تک اٹھا کر باندھ لے اور باقی رکعت جس طرح ہمیشہ نماز پڑھتا ہے پڑھے، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورۃ کے بعد جب امام تکبیر کہے تو پہلی دوسری تیسری ہر تکبیر میں اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ کانوں تک اٹھا کر چھوڑ دے اور چوتھی تکبیر میں ہاتھ اٹھائے بغیر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں چلا جائے، باقی نماز حسب دستور پوری کرے، نماز عید کا وقت آفتاب بلند ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے اور زوال پر ختم ہوجاتا ہے، نماز عید کے بعد امام خطبۂ ماثورہ پڑھے اور مقتدی خاموشی کے ساتھ سنیں، خطبہ سنے بغیر ہرگز نہ جائیں، جس طرح نمازِ عید واجب ہے اسی طرح عید کا خطبہ سننا بھی واجب ہے، خطبہ کے بعد دعا ثابت نہیں بلکہ سلام کے بعد ہی دعا کرلیں۔

## مسائل زکوٰۃ

(۱) زکوٰۃ ہر اس شخص پر فرض ہے جس کے پاس نصاب کے بقدر مال ہو، زکوٰۃ کا نصاب ۶۱۲ گرام ۳۶۰ ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت کے بقدر رقم یا سامانِ



تجارت ہے، ایسا نصاب جب سال بھر کسی کی ملک میں رہے تو اس پر زکوٰۃ فرض ہوجاتی ہے (۲) صاحب نصاب اگر کسی سال زکوٰۃ پیشگی دیدے تو یہ بھی جائز ہے البتہ اگر بعد میں سال پورا ہونے سے پہلے مال بڑھ گیا تو اس بڑھے ہوئے مال کی زکوٰۃ بھی دینا ہوگی (۳) جس قدر مال ہے اس کا چالیسواں حصہ دینا فرض ہے، یعنی ڈھائی فیصد، سونے چاندی یا جس مال تجارت پر زکوٰۃ فرض ہے اس کا چالیسویں حصہ دینا بھی صحیح ہے اور چالیسویں حصے کی قیمت ادا کردینا بھی جائز ہے، مگر قیمت خرید نہ لگے گی بلکہ زکوٰۃ فرض ہونے کے وقت بازار میں جو قیمت ہوگی اس کا چالیسواں حصہ دینا ہوگا (۴) کسی فقیر کو اتنا مال دیدینا کہ جتنے مال پر زکوٰۃ فرض ہوتی ہے مکروہ ہے، لیکن اگر دیدیا تو زکوٰۃ ادا ہوجائے گی اور اس سے کم دینا بغیر کسی کراہت کے جائز ہے (۵) مقروض کو اس کے قرضہ کے بقدر یعنی جس سے اس کا قرضہ ادا ہوسکتا ہے دینا جائز ہے، قرضہ خواہ کتنا ہی ہو (۶) زکوٰۃ ادا ہونے کے لیے شرط ہے کہ جو رقم کسی مستحق زکوٰۃ کو دی جائے وہ اس کی کسی خدمت کے معاوضہ میں نہ ہو صرف اللہ کے لیے ہو (۷) زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ زکوٰۃ کی رقم مستحق زکوٰۃ کو مالکانہ طور پر دی جائے جس میں اس کو ہر طرح کا اختیار ہو، اس کے مالکانہ قبضہ کے بغیر زکوٰۃ ادا نہ ہوگی (۸) کارخانوں اور مل وغیرہ کی مشینوں پر زکوٰۃ فرض نہیں، لیکن اس میں جو خام مال یا تیار شدہ مال ہے اس پر زکوٰۃ فرض ہے (۹) سونے چاندی کی ہر چیز پر زکوٰۃ فرض ہے، برتن حتیٰ کہ سچا گوٹہ، ٹھپہ، اصلی زری (چاہے کپڑوں میں لگی ہوئی ہو) سونے چاندی کے بٹن اور انگوٹھی پر بھی زکوٰۃ فرض ہے (۱۰) کسی کے پاس کچھ روپیہ، کچھ سونا، کچھ چاندی اور کچھ مالِ تجارت ہے مگر علیحدہ علیحدہ، ان میں سے کوئی بھی بقدر نصاب نہیں ہے تو سب کو ملا کر دیکھیں گے، اگر مجموعہ کی قیمت ۶۱۲ گرام (۳۶۰ ملی گرام) چاندی کے برابر ہوجائے تو زکوٰۃ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فرض ہوجائے گی اور اگر اس سے کم رہے تو پھر زکوۃ فرض نہیں، نصاب میں چاندی کا اعتبار کیا گیا ہے۔ اس میں غریبوں کا فائدہ ہے (۱۱) ملوں اور کمپنیوں کے شیرز پر بھی زکوۃ فرض ہے بشرطیکہ شیرز کی قیمت بقدر نصاب ہو یا اس کے علاوہ دیگر مال مل کر شیرز ہولڈر مالک نصاب بن جاتا ہو، البتہ کمپنیوں کے شیرز کی قیمت میں جو مشینری اور مکان اور فرنیچر وغیرہ کی لاگت بھی شامل ہوتی ہے وہ زکوۃ سے مستثنیٰ ہیں، اس لیے اگر کوئی شخص کمپنی سے دریافت کر کے جس قدر رقم اس کی مشینری و مکان و فرنیچر میں لگی ہے اس کو اپنے حصے کے مطابق شیرز کی قیمت میں سے کم کر کے باقی کی زکوۃ دے تو یہ بھی جائز ہے (۱۲) سال کے ختم پر جب زکوۃ دینے لگے اس وقت جو شیرز کی قیمت ہوگی وہی لگے گی، مثلاً ابتداء سال میں دو ہزار روپے تھے اور سال ختم ہونے پر دو ہزار پانچ سو کی مالیت ہوگئی تو دو ہزار پانچ سو کی زکوۃ ادا کرنی ہوگی (۱۳) نابالغ کے مال پر زکوۃ فرض نہیں ہے (۱۴) سادات کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے، اگر کوئی سیّد ضرورت مند ہو تو زکوۃ سے ہٹ کر اس کی مدد کرنی چاہیے (۱۵) اپنے اصول و فروع یعنی ماں باپ، دادا، دادی، نانا، نانی اور اولاد کی اولاد اور میاں بیوی کے علاوہ دوسرے رشتہ داروں کو زکوۃ دینا جائز ہے، بھائی بہن، بھانجے، بھتیجے، چچا، خالہ، پھوپی اور ماموں وغیرہ کو زکوۃ دینے میں کوئی حرج نہیں، بلکہ ان قریبی لوگوں کو زکوۃ دینے میں دوہرا اجر ملتا ہے، ایک زکوۃ دینے کا، دوسرے صلہ رحمی کرنے کا، البتہ انہیں زکوۃ دیتے وقت زکوۃ کی صراحت نہ کرے۔ (۱۶) زکوۃ کے مال سے غیر مسلم محتاجوں، بیواؤں اور ان کے یتیموں کی امداد کرنا جائز نہیں (۱۷) زکوۃ کی رقم مدرسہ کے مدرّسین و ملازمین کی تنخواہوں میں دینا درست نہیں، اسی طرح امام و مؤذن کی تنخواہوں میں دینا بھی جائز نہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# اسلامی علوم وثقافت
# کا
# بین الاقوامی عظیم مرکز

دارالعلوم دیوبند اپنی وسیع خدمات اور بین الاقوامی شہرت کی بنا پر کسی تعارف کا محتاج نہیں، اس نے اپنے یومِ تاسیس (۱۲۸۳ھ مطابق ۱۸۶۶ء) سے اب تک کثیر تعداد میں علماء، مشائخ، مفتی، مبلّغ، صحافی اور جاں باز مجاہد پیدا کیے ہیں، جن میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، حضرت مولانا حافظ محمد احمد قاسمیؒ، حضرت مولانا حبیب الرحمن عثمانیؒ، حضرت مولانا انور شاہ محدث کشمیریؒ، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ شاہجہاں پوریؒ، شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ، حضرت مولانا عبیداللہ سندھیؒ، حضرت مولانا سیّد مرتضیٰ حسن چاند پوریؒ، حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندیؒ، حضرت مولانا بدر عالم میرٹھیؒ، حضرت مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمن سیوہارویؒ، حضرت علامہ محمد ابراہیم بلیاویؒ، حضرت شیخ الادب مولانا اعزاز علی صاحب امروہویؒ، حضرت فخر المحدثین مولانا فخر الدین صاحب مرادآبادیؒ، حضرت مولانا مفتی محمود حسن صاحب گنگوہیؒ، فدائے ملت حضرت مولانا سیّد اسعد مدنیؒ اور حضرت اقدس مولانا مرغوب الرحمنؒ وغیرہ جیسی قدآور تاریخ ساز شخصیتیں شامل ہیں، جو اپنی علمی ودینی خدمات اور مجاہدانہ کارناموں کی بنا پر نہ صرف پورے ہندوستان بلکہ پورے برِاعظم ایشیا میں وقعت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔

فضلاء دارالعلوم نے ہندو پاک اور دیگر بہت سے ملکوں میں اسلامی علوم وثقافت کی حفاظت واشاعت کی غرض سے ہزاروں کی تعداد میں مدارسِ اسلامیہ اور دینی ادارے قائم کیے، مختلف دینی موضوعات پر بے شمار اور بہترین کتابیں تصنیف کیں اور مسلمانوں اور اسلام



کے خلاف اٹھنے والی ہر تحریک کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، اسی طرح اسلامی علوم وافکار اور عقائد و نظریات کو اپنے علم واستدلال اور عمل وکردار سے اس قدر مضبوط و مستحکم کر دیا کہ اس دورِ الحاد و زندقہ میں بھی بحمد اللہ اسلام ہر طرح سے اپنی اصلی صورت میں محفوظ ہے اور بڑے سے بڑے معاندِ اسلام اس کے خلاف زبان کھولتے ہوئے جھجھک محسوس کرتے ہیں۔ دارالعلوم دیوبند کا یہ ایسا عظیم اور بے مثال کارنامہ ہے جس میں کوئی دوسرا ادارہ اس کا شریک وسہیم نہیں ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذلک

اللہ جل مجدہٗ کا ہزار ہزار احسان ہے کہ آج بھی دارالعلوم اپنی شاندار روایات کے ساتھ قوم کی علمی ودینی اور فکری تعمیر وترقی میں مصروف ہے اور اس کی آغوشِ تعلیم وتربیت میں پروان چڑھ کر ہر سال سینکڑوں کی تعداد میں علماء وفضلاء اور قراء وحفاظ نکل کر ملک وبیرون ملک میں علمی ودینی خدمات کی انجام دہی میں لگے ہوئے ہیں اور خدا کا شکر ہے کہ یہ تعداد روز افزوں ہے۔ اس وقت بھی قدیم وجدید طلبہ کی مجموعی تعداد چار ہزار سے زائد ہے۔ دارالعلوم سے امداد پانے والے طلبہ کی بڑھتی ہوئی تعداد اور اساتذہ وکارکنان کی تنخواہوں کا اضافہ نیز مصارفِ طلبہ، خوراک، پوشاک، رہائش، روشنی، علاج کے ساتھ ساتھ نقد وظیفہ اور کتبِ درسیہ وغیرہ جیسی طلبہ کی ضروریات کا بیشتر حصہ دارالعلوم ہی پوری کرتا ہے۔ جو ہمدردانِ ملت اور اربابِ خیر وصلاح کے جذبۂ ایثار اور پُرخلوص عطایا ہی سے پورا ہوتا ہے؛ کیوں کہ دارالعلوم حکومتوں اور ریاستوں کی امداد قبول نہ کر کے عامۃ المسلمین کی امداد واعانت پر ہی انحصار کرتا ہے۔

موجودہ ہوشربا گرانی اور غیر اطمینان بخش حالات میں جب کہ پورا ملک سخت پریشان ہے دارالعلوم کی آمدنی کا متاثر ہونا ناگزیر ہے، ایسے حالات میں ملت کے ہمدردوں اور دارالعلوم کے بہی خواہوں کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں، تاکہ یہ عظیم الشان علمی درسگاہ تعلیمی ترقیات میں اپنی مرکزی حیثیت اور تابناک ماضی کے مطابق قابلِ قدر خدمات جاری رکھ سکے، اس لیے ضرورت ہے کہ اہلِ دل مسلمان خصوصی توجہ سے کام لے کر دارالعلوم دیوبند کو مالی اعتبار سے اس درجہ مستحکم کر دیں کہ خدامِ دارالعلوم پورے اطمینان کے ساتھ اپنی خدمات میں مصروف رہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



حضرات معاونین صرف زکوۃ وصدقات تک ہی اپنے تعاون کو محدود نہ فرمائیں؛ بلکہ اصل رأس المال میں سے بھی بطور عطیہ وامداد دارالعلوم کو معقول مقدار میں چندہ دیں، تاکہ مصارفِ طلبہ کے علاوہ دوسرے ضروری اور اہم کاموں میں بھی رکاوٹ نہ ہو جو اس وقت پیش آرہی ہے۔

## دارالعلوم دیوبند شاہراہِ ترقی پر

دارالعلوم کے روزِ قیام ہی سے قدرت نے اس کے مزاج میں نمو وارتقاء کی خصوصی صلاحیت ودیعت رکھی ہے، اس نے ہر دور میں آگے بڑھنے اور اپنی خدمات کا دائرہ وسیع کرنے کی راہوں کے سلسلے میں غور کیا اور ترقی پذیری کے ساتھ اپنے سفر کو جاری رکھا لیکن ۱۴۰۲ھ کے بعد دارالعلوم دیوبند کے ہر شعبہ کی رفتارِ ترقی میں بے مثال اضافہ ہوا ہے، مختلف اصلاحات عمل میں آئیں، اکثر شعبوں میں ترقیاتی تبدیلیاں رونما ہوئیں اس طرح یہ عظیم الشان ادارہ اپنے نظام کی وسعت اور خدمات کی ہمہ گیری کے اعتبار سے کہیں سے کہیں جا پہنچا، اس عرصے میں رونما ہونے والی اصلاحات وترقیات، معیار اور مقدار، کیفیت اور کمیت سے متعلق ذیل میں چند شعبوں کا اجمالی جائزہ پیش کیا جارہا ہے:

## شعبہ جات دارالعلوم دیوبند

دارالعلوم دیوبند کا انتظامی اور تعلیمی وتربیتی کام درج ذیل مختلف شعبہ جات میں پھیلا ہوا ہے:

(۱) شعبۂ اہتمام (۲) شعبۂ تعلیمات (۳) شعبۂ افتاء (۴) شعبۂ محاسبی (۵) شعبۂ تنظیم وترقی (۶) شعبۂ تعمیرات (۷) شعبۂ دارالاقامہ (۸) شعبۂ مطبخ وآٹا چکی (۹) شعبۂ رابطہ مدارسِ اسلامیہ عربیہ (۱۰) شعبۂ کتب خانہ (۱۱) شعبۂ برقیات (۱۲) شعبۂ محافظ خانہ (۱۳) شعبۂ صفائی وچمن بندی (۱۴) شعبۂ مکاتب اسلامیہ کمیٹی (۱۵) شعبۂ بمبئی برانچ آفس (۱۶) شعبۂ کمپیوٹر برائے کتابت (۱۷) شعبۂ انٹرنیٹ (۱۸) شعبۂ مہمان خانہ (۱۹) شعبۂ خرید وفروخت واسٹاک روم (۲۰) شعبۂ مکتبہ دارالعلوم (۲۱) شعبۂ دعوت وتبلیغ (۲۲) شعبۂ ماہنامہ دارالعلوم (۲۳) شعبۂ ماہنامہ الداعی (۲۴) شعبۂ دارالصنائع (۲۵) شعبۂ عظمت ہسپتال (۲۶) شعبۂ مجلس تحفظ ختم نبوت (۲۷) شعبۂ محاضراتِ علمیہ (۲۸) شعبۂ ردّ عیسائیت (۲۹) شعبۂ تحفظ سنت (۳۰) شعبۂ شیخ الہند اکیڈمی (۳۱) شعبۂ



انگریزی زبان وادب (۳۲) شعبۂ کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر۔ (۳۳) شعبۂ ترتیبِ فتاویٰ (۳۴) شعبۂ آن لائن فتویٰ

نوٹ: مذکورہ شعبہ جات میں سے بعض اہم شعبوں کا قدرے تعارف پیش ہے۔

## شعبۂ اہتمام

یہ شعبہ دارالعلوم دیوبند کا سب سے اہم شعبہ ہے، تعلیمی وتربیتی نیز جملہ انتظامی شعبہ جات ودفاتر اسی کے تحت کام کرتے ہیں، مالیات وحسابات کے کاغذات کی منظوری، ملازمین کی رخصتوں وغیرہ کی منظوری سے متعلق کاغذات اسی شعبہ سے ہو کر گزرتے ہیں۔ چنانچہ شعبۂ اہتمام کے ضمن میں چند اہم شعبوں کا مختصر طور پر تعارف کرایا جارہا ہے۔

## شعبۂ تنظیم وترقی

یہ شعبہ دارالعلوم دیوبند کا ایک کلیدی شعبہ ہے، اس شعبہ کے تحت ۷۴ سفراء پورے ملک میں مختلف مقامات پر دارالعلوم کے تعارف، ہمدردانِ دارالعلوم سے ربط اور فراہمی مالیات کا کام انجام دے رہے ہیں اور غلہ اسکیم کے حلقے میں پہنچ کر دارالعلوم کی ضرورت کے لیے چار ہزار کوئنٹل سے زائد غلہ کی فراہمی کا کام بھی انجام دیتے ہیں۔ یہ شعبہ ۱۳۵۵ھ میں قائم ہوا تھا اور اسی دن سے اس کی سرگرمیاں جاری ہیں، الحمدللہ اس شعبے کی کارکردگی ترقی پذیر ہے۔

## شعبۂ افتاء

اس شعبہ میں ملک وبیرون ملک سے سالانہ تقریباً ۱۶ ہزار سے زائد استفتاء (سوالات) موصول ہوتے ہیں جن کے مدلل جوابات مفتی صاحبان مرتب کرتے ہیں اور سب کے ملاحظہ اور تصدیق ودستخطوں کے بعد دارالافتاء کی مہر لگا کر ان کو روانہ کیا جاتا ہے۔

## شعبۂ انٹرنیٹ اور آن لائن فتویٰ

اس شعبہ کے تحت آن لائن فتویٰ، آن لائن دعوت اور آن لائن رابطہ کی اہم خدمات انجام پارہی ہیں۔ آن لائن فتویٰ کے تحت دارالافتاء کی مکمل کارروائی کے بعد سالانہ پانچ ہزار سے زائد سوالات کا اردو یا انگریزی میں جواب بھیجا جاتا ہے۔ ویب سائٹ پر اردو، ہندی، انگریزی اور عربی میں دارالعلوم کا جامع تعارف موجود ہے۔ اسلامی لائبریری، اردو وعربی مقالات سیکشن، ماہنامہ الداعی اور ماہنامہ دارالعلوم کی آن لائن اشاعت کا سلسلہ بھی قائم

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہے۔ اس شعبہ کے ذریعہ داخلہ، چندہ، اسلامی موضوعات، ریسرچ اور دیگر امور سے متعلق سوالات کا جواب بھی دیا جاتا ہے۔

## شعبۂ تحفظ ختم نبوت

اس شعبہ کے ذریعہ ملک بھر میں جھوٹے مدعی نبوت مرزا غلام احمد قادیانی کے فتنہ کا تعاقب کیا جاتا ہے اور اس سال چار فضلائے دارالعلوم کا انتخاب کر کے ردّ قادیانیت کی مشق کرائی جاتی ہے، ہر ایک کو قیام وطعام کی سہولت کے علاوہ -/1000 روپئے ماہوار وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔

## شیخ الہند اکیڈمی

اس شعبہ کے زیر اہتمام صحافت اور مضمون نگاری کی ٹریننگ دی جاتی ہے اور اس میں ۱۲ رفضلاءِ دارالعلوم دیوبند کو قیام وطعام کے ساتھ داخلہ دیا گیا ہے۔ اور -/200 ماہانہ نقد وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔

## شعبۂ محاضرات علمیہ

مسلک اہل سنت والجماعت کے خلاف اٹھنے والے باطل فرقوں کے تعاقب اور ان کی سرکوبی کے لیے مختلف موضوعات پر حضرات اساتذہ محاضرات پیش کرتے ہیں اور اس کے ہفتہ واری پروگراموں میں جملہ تکمیلات کے طلبہ حصہ لیتے ہیں اور اس میں ان کا سالانہ امتحان بھی لیا جاتا ہے۔

## شعبۂ ردّ عیسائیت

اس موضوع پر کام کرنے کے لیے باقاعدہ شعبہ کا قیام عمل میں آیا ہے اور ۳ رمنتخب فضلاء دارالعلوم کو ٹریننگ دی جاتی ہے۔ اس شعبہ میں -/1000 روپئے ماہانہ وظیفہ مع قیام وطعام کی سہولت دی جارہی ہے۔

## شعبۂ تحفظ سنت

یہ شعبہ چند سال قبل قائم ہوا ہے، اس کے تحت ردّ غیر مقلدیت کی مشق وتربیت کے لیے اس سال ۱۶ رفضلاء دارالعلوم کا انتخاب کر کے ان کو تیار کیا جارہا ہے، ان کو بھی قیام وطعام کے ساتھ نقد وظیفہ -/1000 روپئے ماہوار دیا جارہا ہے۔



## شعبۂ دارالصنائع

اس کے زیر اہتمام دس طلبہ کو خیاطی کا کام سکھلایا جاتا ہے۔ نیز شعبۂ تجوید اردو حفص کے شوقین طلبہ اپنے خالی گھنٹے میں باجازت اہتمام کام سیکھتے ہیں اور یہ شعبہ خارج میں ایک گھنٹہ کھولا جاتا ہے، اس شعبہ میں مستقل داخل طلبہ کو قیام وطعام کی سہولت دی جاتی ہے۔

## مطبخ

دارالعلوم کے مطبخ سے دونوں وقت طلبہ کو کھانا تیار کر کے دیا جاتا ہے، ایک وقت میں ساڑھے تین ہزار سے زائد طلبہ کا کھانا تیار ہوتا ہے، صبح کو دال ونان اور شام کو گوشت ونان دیا جاتا ہے۔ مہینے میں تین مرتبہ بریانی تیار کر کے طلبہ کو دی جاتی ہے۔

## شعبۂ دارالاقامہ

دارالعلوم کا ایک اہم شعبہ دارالاقامہ ہے جس کے متعلق طلبہ کی رہائش کے انتظام کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیمی نگرانی اور اخلاقی تربیت کا کام ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر سال اساتذۂ دارالعلوم میں سے ناظم اعلیٰ دارالاقامہ کا انتخاب عمل میں آتا ہے اور بارہ نظماء حلقہ جات منتخب کیے جاتے ہیں، جو اپنے اپنے حلقوں میں طلبہ کی سیٹوں کا انتظام بھی کرتے ہیں اور ان کی نگرانی اور تربیت کا فریضہ بھی انجام دیتے ہیں۔

## مکاتب اسلامیہ کمیٹی

دارالعلوم کی جانب سے ناخواندہ وجہالت زدہ علاقوں میں اور بالخصوص ان مقامات پر جو قادیانیت یا عیسائیت سے متاثر ہیں، مکاتبِ اسلامیہ کے قیام کا سلسلہ چند سالوں قبل شروع کیا گیا تھا، چناں چہ جب سے یہ سلسلہ جاری ہوا ہے، اس کے مفید نتائج مرتب ہو رہے ہیں ان تمام مکاتب کے معلمین کو دارالعلوم کی طرف سے جزوی یا کلی مشاہرہ دیا جارہا ہے، اور تعلیمی پیش رفت کی نگرانی کا بھی معقول انتظام کیا گیا ہے۔ اس وقت ملک کے مختلف مقامات پر ان مکاتب کی تعداد ۴۸ ر ہے۔

## شعبۂ اوقاف

دارالعلوم دیوبند کے لیے وقف املاک کی نگرانی کے سلسلے میں یہ شعبہ قائم کیا گیا جو ہندوستان کے بیشتر علاقوں میں موجودہ ادارے کی وقف املاک کی نگرانی کرتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# شعبۂ تعلیمات

یہ شعبہ دار العلوم دیوبند کا ایک اہم اور بنیادی شعبہ ہے، تعلیم و تربیت سے متعلق تمام درجات اس کے تحت اپنا اپنا فرضِ منصبی ادا کرتے ہیں۔ نظامِ تعلیم کی نگرانی اور نظم و انتظام کے لیے مجلس شوریٰ کی منتخب کردہ باضابطہ ایک ''مجلس تعلیمی'' ہے، مجلس تعلیمی کی نگرانی میں یہ شعبہ اپنی خدمات انجام دے رہا ہے، اس کے تحت مندرجہ ذیل تعلیمی درجات ہیں۔

(۱) درجاتِ عربیہ از اوّل تا چہارم (مدرسہ ثانویہ)
(۲) درجاتِ عربیہ از پنجم تا دورۂ حدیث
(۳) دار الافتاء و تدریب فی الافتاء
(۴) تکمیلِ ادب
(۵) تکمیل تفسیر
(۶) تکمیل علوم
(۷) تخصص فی الحدیث
(۸) شعبۂ انگریزی زبان و ادب
(۹) شعبۂ کمپیوٹر (ٹریننگ سینٹر)
(۱۰) خوش نویسی (کتابت)
(۱۱) دار الصنائع
(۱۲) شعبۂ دینیات (اردو فارسی)
(۱۳) شعبۂ حفظ
(۱۴) شعبۂ ناظرہ
(۱۵) شعبۂ تجوید، حفص اردو، عربی
(۱۶) قرأت سبعہ و عشرہ
(۱۷) شعبۂ تحفظ ختم نبوت
(۱۸) شیخ الہند اکیڈمی
(۱۹) شعبۂ ردِّ عیسائیت
(۲۰) تحفظ سنت
(۲۱) شہری مکاتب

یوں تو شعبۂ تعلیمات روزِ اوّل ہی سے مصروفِ کار ہے، اور ہر دور میں اس کے نظام اور کام میں مختلف تبدیلیاں آتی رہتی ہیں، لیکن ۱۴۰۲ھ کے بعد سے اس شعبے میں نہایت اہم، دوررس اور مفید تبدیلیاں کی گئی ہیں، جن کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
(۱) اصلاحات (۲) اضافے۔

## اصلاحات

اس دور میں ہونے والی اصلاحات مختلف شعبوں سے تعلق رکھتی ہیں جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

(۱) ایک اہم اصلاح جدید داخلوں کے نظام میں کی گئی ہے، پہلے امتحانِ داخلہ تقریری ہوا کرتا تھا جس میں کثرتِ تعداد کی بنا پر کارروائی کی جلد تکمیل مشکل تھی، اب امتحانِ داخلہ تحریری کردیا گیا ہے، اور پرچوں کی جانچ کا طریقہ یہ اختیار کیا گیا ہے کہ تمام کاپیاں صرف



کوڈ نمبر کے ساتھ ایک جگہ رکھ دی جاتی ہیں، تمام ممتحن حضرات ایک ساتھ بیٹھتے ہیں اور کاپیاں جانچتے ہیں، اس طرح پہلے سے کوئی نہیں بتاسکتا کہ کون سا پرچہ کس طالب علم کا نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ پرچہ کس ممتحن کے پاس جائے گا۔ اس طرح کم وقت میں زائد کام ہوجاتا ہے اور طلبہ کا داخلہ استحقاقی درجہ ہی میں ہو پاتا ہے۔

(۲) دوسری اہم اصلاح دیگر امتحانات میں ہوئی ہے، پہلے سالانہ کے علاوہ دو امتحان ہوتے تھے، سہ ماہی اور ششماہی، دونوں امتحانات کی تیاری، پھر امتحان، اس کے بعد تعطیل وغیرہ میں کافی وقت لگتا تھا جس سے سالانہ مقدار خواندگی متاثر ہوتی تھی، اب سہ ماہی امتحان ختم کرکے درمیان سال میں ''وسط مدتی امتحان'' کردیا گیا ہے، اس طرح وقت بچتا ہے اور مقصد وہی حاصل ہوتا ہے، اس لیے بھی کہ اس امتحان کا نظام سابقہ سہ ماہی و ششماہی امتحانات سے کہیں بہتر بالکل سالانہ کے انداز پر کردیا گیا ہے۔

(۳) سالانہ امتحان کی جانچ کو محتاط بنانے کے لیے کوڈ نمبر کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے، کاپی کا سرِ ورق جس پر طالبِ علم کا نام وغیرہ ہوتا ہے علیحدہ کرلیا جاتا ہے اور کاپی پر صرف کوڈ نمبر ہوتا ہے، قدیم طلبہ کے داخلوں میں مجلسِ تعلیمی کے ضابطوں کی مکمل پابندی، تمام تکمیلات میں داخلے کے لیے متعین نمبرات کی شرط ہے اس طرح تمام تکمیلات کی افادیت میں اضافہ ہوتا ہے، خصوصاً درجۂ تکمیل افتاء کہ جید الاستعداد طلبہ کے انتخاب نے اس کی افادیت کو بہت زیادہ بڑھا دیا ہے۔

(۴) درجۂ تحفیظ القرآن کی کارکردگی بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے اور تمام ہی اساتذۂ حفظ کو مختلف اصول و ضوابط کا پابند بنایا گیا ہے، اس طرح الحمد للہ اس درجے کی کارکردگی پہلے سے بہتر ہوگئی ہے۔ تحفیظ القرآن کی نگرانی کے لیے مستقل طور پر ایک ذمہ دار کو متعین کیا گیا ہے۔

(۵) درجات ناظرہ الگ سے قائم کیے گئے ہیں، ان میں شروع سے ہی قرآن پاک تجوید کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔

## اضافے

۱۴۰۲ھ کے بعد سے تعلیمات سے متعلقہ درجات میں بڑی وسعت آئی ہے، جو درج ذیل ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



### مدرسہ ثانویہ

تعلیم کے مراحل میں ابتدائی درجات بڑی اہمیت کے حامل ہیں، یہی درجات استعداد سازی کی بنیاد ہیں، اس لیے درجۂ چہارم تک کی تعلیم کو مدرسۂ ثانویہ کے نام سے علیحدہ کیا گیا ہے تاکہ خصوصی نگرانی کی جاسکے، اس کے اچھے نتائج سامنے آئے ہیں۔

## تخصص فی الحدیث

اس درجہ میں بھی ہر سال ۵ رمنتخب فضلاء دارالعلوم کو داخلہ دیا جاتا ہے، اس کا دوسالہ نصاب ہے اس طرح ۱۰ رطلبہ زیر تعلیم رہتے ہیں۔ جس کے ذریعہ طلبہ کو علوم حدیث وعلم اسماء الرجال وغیرہ سے قوی مناسبت پیدا کرائی جاتی ہے اوران کو قیام وطعام کے ساتھ -/1000 روپے ماہوار وظیفہ دیا جاتا ہے۔

## تخصص فی الادب

ایک سال تکمیل ادب میں تعلیم حاصل کرکے کامیاب ہونے والے جیدالاستعداد پانچ فاضل کا داخلہ اس میں کیا جاتا ہے اور عربی زبان وادب پر محنت کرائی جاتی ہے، اس شعبہ میں داخل طلبہ کو بھی قیام وطعام کے علاوہ -/625 سوروپے ماہوار وظیفہ دیا جاتا ہے۔

## تکمیل افتاء

اس درجہ میں جیدالاستعداد اور معیاری نمبرات لانے والے فضلاء کا انٹرویو کے بعد داخلہ ہوتا ہے اور پورے سال افتاء کے کورس کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے، نیز فتاویٰ نویسی کی مشق بھی کرائی جاتی ہے۔ اس شعبہ میں ۴۰ رفضلاء کو داخلہ دیا جاتا ہے۔

## تخصص فی الافتاء

تکمیل افتاء کے سالانہ امتحان میں امتیازی نمبرات حاصل کرنے والے طلبہ کو مزید دو سال مشق کرانے کیلئے تخصص فی الافتاء کا درجہ قائم ہے، جس میں چار فاضل کا داخلہ کیا گیا ہے۔ تخصص فی الافتاء سالِ اوّل میں داخل طلبہ کو -/1500 روپیہ ماہانہ اور سال دوم میں داخل طلبہ کو -/2500 روپے ماہانہ وظیفہ معہ قیام وطعام دیا جاتا ہے۔

## شعبۂ انگریزی زبان وادب

اس شعبہ میں باذوق ۲۰ رفضلاء دارالعلوم کو انٹرویو کے بعد داخل کیا جاتا ہے۔ اس کا



نصابِ تعلیم دوسالہ ہے۔ اس میں داخل شدہ تمام طلبہ کو قیام وطعام کی سہولت دی جاتی ہے اور -/200 روپیہ نقد وظیفہ دیا جاتا ہے۔

## کمپیوٹر ٹریننگ سینٹر

کمپیوٹر جیسی نئی ایجاد کو اسلامی علوم وافکار کی اشاعت وترویج اور دین اسلام کے دفاع کا مؤثر ذریعہ بنانے کے لیے کئی سال قبل اس شعبہ کا قیام عمل میں آیا تھا، ۲۰ رطلبہ کو ہر سال قیام وطعام کے ساتھ داخل کیا جاتا ہے۔ اس کا نصابِ تعلیم ایک سالہ ہے۔

## شعبۂ ترتیبِ فتاویٰ

قدیم زمانے میں ''فتاویٰ دارالعلوم'' کے نام سے ۱۲ رجلدیں طبع ہوچکی تھیں، مگر اب چندسال پیشتر باضابطہ شعبہ قائم کرکے دارالعلوم کے دارالافتاء سے جاری عام فتاویٰ کے ذخائر کو عناوین، قیمتی حواشی اور فقہی عبارات کی تخریج وتعلیق سے آراستہ کرکے منظرعام پر لانے کا کام کیا جارہا ہے، چناں چہ اس شعبہ کے تحت ''فتاویٰ دارالعلوم'' کی چھ جلدیں طبع ہوکر منظر عام پر آگئی ہیں، اب ۱۸ رجلدوں پر مشتمل یہ سیٹ تیار ہوچکا ہے۔

## شہری مکاتب کا نظام

مقامی شہری مکاتب کی تعداد اس وقت ۸ ر ہے، جو شہر دیوبند میں قائم ہیں، جن کی نگرانی کے لیے ایک باقاعدہ نگراں مقرر ہے، دارالعلوم کی نگرانی میں ان کے امتحانات کا بھی نظم کیا تا ہے، اس وقت دس اساتذہ تعلیمی وتربیتی امور انجام دے رہے ہیں، یہ مکاتب دیوبند کے مختلف محلوں میں دارالعلوم کی طرف سے قائم ہیں۔

# زیرتعمیر کام

## دارِجدید کی ازسرِنوتعمیر

دارالعلوم دیوبند کا قدیم اور بڑا دارالاقامہ جو دارِجدید کے نام سے موسوم ہے وہ تقریباً ۹۰ رسال سے زائد کا تعمیر شدہ ہے، خستہ حالی کے سبب اس کی عمارت خصوصاً برآمدے انتہائی مخدوش ہوگئے تھے، اس لیے اس کو منہدم کرکے اس کی تعمیر ازسرِنو مرحلہ وار شروع ہوچکی ہے۔ منصوبہ کے مطابق ۱۲۵ رکمروں پر مشتمل یہ عمارت تین منزلہ ہوگی، طلبہ کے قیام کے لیے کشادہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کمرے ہوں گے جن میں دس دس طلبہ قیام کر سکیں گے۔ ہر طالب علم کے لیے بیڈ اور الماری علیحدہ علیحدہ ہوں گی۔

## دارِ جدید کی تعمیرِ نو کا پہلا مرحلہ

دارِ جدید کی تعمیرِ نو کا پہلا مرحلہ، جو دار العلوم کے جنوبی گیٹ سے باب الظاہر تک ہے، بحمد اللہ ۳۰ ر کمروں پر مشتمل یہ سہ منزلہ عمارت چند سال قبل مکمل ہو گئی تھی اور اس میں طلبہ کا قیام بھی کرا دیا گیا تھا۔

## دوسرا مرحلہ

دارِ جدید کی تعمیرِ نو کا یہ دوسرا مرحلہ باب الظاہر سے مدنی گیٹ تک ہے، پہلے قدیم عمارت کو تڑوا کر ملبہ وغیرہ صاف کرایا گیا اور بنیادی کام کے بعد اس وقت بفضلہٖ تعالیٰ ۳۰ ر کمروں پر مشتمل یہ سہ منزلہ عمارت بھی مکمل ہو چکی ہے اور اس میں بھی طلبہ کا قیام کرا دیا گیا ہے۔

## تیسرا مرحلہ

دارِ جدید کے تیسرے مرحلے کی تعمیر جو مدنی گیٹ سے احاطہ باغ تک ہے شروع کرا دی گئی ہے، نیچے تہہ خانے کی تعمیر ہو کر اوپر تیسری منزل کا تعمیری کام چل رہا ہے، تہہ خانے کو برائے تعمیری اشیاء وغیرہ رکھنے کے لیے اسٹور کے طور پر کام میں لیا جائے گا۔ اس کے اوپر تین منزلہ یہ عمارت تعمیر ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

## کمروں کا سائز اور اس کا تخمینہ

دارِ جدید کے ان ہال نما بڑے کمروں کا سائز مع برآمدہ 43X23 فٹ ہے، ان کمروں میں دس دس طلبہ کا قیام ہوگا، ہر طالب علم کے لیے علیحدہ الماری اور آر، سی بیڈ ہوگا، بڑے بڑے زینے، بیت الخلاء و غسل خانے اور کپڑے دھونے کے پلیٹ فارم بھی ہوں گے۔

اس ہال نما ایک بڑے کمرے کا تخمینہ مع لوازمات اور مع برآمدہ اس گرانی کے دور میں آٹھ لاکھ روپیہ سے زائد ہے۔

## شیخ الہند لائبریری

دار العلوم دیوبند کے شایانِ شان ایک بڑی لائبریری کی سات منزلہ عمارت زیرِ تعمیر ہے، حضرات اکابر دار العلوم نے اس لائبریری کو ''شیخ الہند لائبریری'' کے نام سے موسوم کیا



ہے، اس سات منزلہ لائبریری کی عمارت میں دو منزل عمارت درسِ حدیث کے لیے تیار ہو چکی ہے، جس کا رقبہ ستر ہزار اسکوائر فٹ ہے، اور اس کے نیچے تہہ خانے میں ایک بڑا ہال تعمیر کرایا گیا ہے جو امتحانات یا اجتماعات کے موقع پر کام آسکے اس کا رقبہ تقریباً پچاس ہزار اسکوائر فٹ ہے۔ سب سے اوپر کی چار منزلیں برائے لائبریری ہیں۔

ہر منزل پر آمد و رفت کے لیے چار لفٹ لگائی جائیں گی، جب کہ چار بڑے زینے تعمیر ہو چکے ہیں، دروازے، کھڑکیوں اور بجلی کی بہت سی ضروریات کے کام ابھی باقی ہیں۔ لائبریری کے باہر دیواروں پر پتھر لگانے کا کام جاری ہے جس کی تکمیل اہل خیر حضرات کی خصوصی توجہ کی منتظر ہے۔

## جدید درسگاہیں

اسی لائبریری سے متصل بڑی چھوٹی ۴۰ ر درسگاہیں معہ برآمدہ و زینہ وغیرہ تیار کی جا چکی ہیں، مزید تیس چھوٹی بڑی دو منزلہ درسگاہیں تعمیر ہو رہی ہیں۔

## ایک دوسرے نئے مطبخ کی تعمیر

دار العلوم کا مطبخ جو قدیم زمانے کا تعمیر شدہ ہے، اس کی عمارت کمزور اور مخدوش ہو گئی ہے، نیز اس کی عمارت دار العلوم کی موجودہ ضرورت کے لیے ناکافی بھی ہے۔

مجلس شوریٰ کی منظوری کے بعد شیخ الاسلام منزل کی پشت پر دوسرے نئے مطبخ کی تعمیر شروع کرادی گئی ہے جس میں مطبخ کی تمام ضروریات مثلاً اجناس و آٹا رکھنے کے لیے گودام، آٹا چکی اور مصالحہ جات، آٹا گوندھنے کے لیے مشینوں کے علیحدہ علیحدہ کمرے تیار کیے گئے ہیں، مطبخ سے متعلق اس کا دفتر بھی ہوگا۔

زیرِ تعمیر مطبخ میں اطراف کے ۱۲ ر کمرے تیار ہو چکے ہیں اور اوپر کی منزل پر تین عدد بڑے ہال نما گودام تعمیر کیے گئے ہیں۔ بحمد اللہ تعالیٰ تعمیری کام کی تکمیل ہو گئی، تعمیری کام کے علاوہ دیگر کام کا سلسلہ جاری ہے، دیگر ابھی کچھ کرانے باقی ہیں۔

## مطبخ سے متعلق ڈائننگ ہال

طلبہ کو یکجا بٹھا کر کھانا کھلانے کے لیے بڑے بڑے ہال کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے، مطبخ سے متصل ان کی تعمیر کا منصوبہ ہے۔ ان بڑے بڑے ہال کے اوپر طلبہ کے قیام کیلئے کمرے تعمیر ہوں گے، جو شیخ الاسلام منزل سے متصل تعمیر ہو کر شیخ الاسلام منزل کی تکمیل ہو جائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# منظور شدہ تعمیری منصوبے

## ایک جدید دارالاقامہ

"دارالقرآن" کی عمارت کے پاس احاطہ دارالعلوم کے اندر سہارنپور روڈ پر ایک سہ منزلہ دارالاقامہ تعمیر کرنے کا منصوبہ ہے، اس کا نقشہ تیار کرالیا گیا ہے۔ منصوبہ کے مطابق اس دارالاقامہ میں بڑے بڑے ۷۲ کمرے ہوں گے، ہر کمرے میں ۱۰ طلبہ قیام کرسکیں گے، ہر طالب علم کے لیے الماری الگ الگ ہوں گی، ان کی ضروریات سے متعلق سہ منزلہ زینے، بیت الخلاء، غسل خانے اور کپڑے دھونے کے لیے پلیٹ فارم ہر منزل پر الگ الگ ہوں گے، اس عمارت سے متصل جی ٹی روڈ پر ایک بڑا گیٹ بھی تعمیر کرایا جائے گا۔

کمروں کا سائز معہ برآمدہ 22 x 12 فٹ ہوگا، تمام لوازمات کے ساتھ ایک کمرے کی تعمیر و تکمیل کا تخمینہ بسبب گرانی پانچ لاکھ روپیہ سے زائد ہے۔

## مزید ایک جدید مسجد

دارالقرآن سے متصل شیخ الاسلام منزل و دارالاقامہ اور مدرسہ ثانویہ نیز حضرات اساتذہ کی قیام گاہیں ہونے کی وجہ سے اس احاطے میں ایک مسجد کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے، چناں چہ مجلس شوریٰ نے ایک اور مسجد اس احاطے میں تعمیر کرنے کی منظوری عطا فرمادی ہے۔ نقشہ تیار کرایا جاچکا ہے، جس کا تخمینہ تین کروڑ پانچ لاکھ بانوے ہزار روپیہ ہے۔

انشاء اللہ یہ مسجد شیخ الاسلام منزل کے سامنے تعمیر ہوگی۔

ہمیں یقین کامل ہے کہ آپ دارالعلوم دیوبند کی ضروریات اور منصوبوں کی تکمیل کے پیش نظر پہلے سے زیادہ اعانت فرمائیں گے اور بالخصوص تعمیری منصوبوں کی تکمیل میں خصوصی حصہ لے کر صدقہ جاریہ کا ثواب حاصل فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرالجزاء

نوٹ: دارالعلوم دیوبند کو گورنمنٹ آف انڈیا کی طرف سے (جی ۸۰) G-80 ملا ہوا ہے، اس کے تحت چندہ دہندگان جو رقم دارالعلوم کو ارسال کریں گے ان کو انکم ٹیکس میں چھوٹ ملے گی۔



# حضرات اراکین شوریٰ دارالعلوم دیوبند

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | حضرت مولانا مفتی منظور احمد صاحب | کان پور |
| (۲) | حضرت مولانا سیّد محمد رابع حسنی صاحب ندوی | لکھنؤ |
| (۳) | حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب | مدراس |
| (۴) | حضرت مولانا ازہر نعمانی صاحب | رانچی |
| (۵) | حضرت مولانا بدرالدین اجمل صاحب | آسام |
| (۶) | حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی | اکل کوا |
| (۷) | حضرت مولانا عبدالعلیم صاحب فاروقی | لکھنؤ |
| (۸) | حضرت مولانا محمد طلحہ صاحب | سہارنپور |
| (۹) | حضرت مولانا مفتی محمد اسماعیل صاحب | مالیگاؤں |
| (۱۰) | حضرت مولانا محمد اشتیاق صاحب | مظفرپور |
| (۱۱) | حضرت جناب الحاج جمیل احمد صاحب | کلکتہ |
| (۱۲) | حضرت مولانا مَلِک محمد ابراہیم صاحب | میل وشارم |
| (۱۳) | حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری | ڈابھیل |
| (۱۴) | حضرت جناب حکیم کلیم اللہ صاحب | علی گڑھ |
| (۱۵) | حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب | کشمیر |
| (۱۶) | حضرت مولانا انوارالرحمن صاحب | بجنور |
| (۱۷) | حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالنپوری | صدرالمدرسین |
| (۱۸) | حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب | مہتمم دارالعلوم دیوبند |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## دارالعلوم دیوبند سے تعاون کا طریقۂ کار

### (تعاون بصورت نقد رقم)

جو حضرات دارالعلوم کے منصوبوں کی تکمیل اور دارالعلوم کی ترقیات میں شریک ہونے کے لیے اپنے عطیات وزکوٰۃ وغیرہ کی رقوم ارسال کرنا چاہیں وہ یا تو اپنے حلقوں میں پہنچے ہوئے دارالعلوم کے سفراء کو رقومات دے کر رسید حاصل کریں یا پھر براہِ راست ادارہ کو منی آرڈر، ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ اپنی رقوم ارسال فرمائیں، دفتر سے وصولیابی کے بعد اس کی رسید ارسال کردی جائے گی۔

ڈرافٹ کے لیے: بنام

Accounts Name: **Darul Uloom Deoband**

| Banks Name | Accounts Number | |
|---|---|---|
| State Bank of India (DBD) | 30799743793 | SBIN0000632 |
| Union Bank of India (DBD) | 372901010014045 | UBIN0537292 |
| Punjab National Bank (DBD) | 0134002100018424 | PUNB0013400 |
| Central Bank of India (DBD) | 2073231814 | CBIN0282582 |
| Corporation Bank (DBD) | SB01001545 | CORP0000786 |
| ICICI Bank Ltd. (SRE) | 019101001478 | ICIC0000191 |
| Bank of Baroda (DBD) | 39580100000786 | BARBODEOBAN |
| HDFC Bank (DBD) | 19741450000023 | HDFC0001974 |
| Axis Bank (DBD) | 914010023076555 | UTIB0002426 |

### تعاون بصورت اشیاء

☆ دارالعلوم کے کتب خانے کے لیے درسی اور مطالعاتی کتب ☆ تعمیری کاموں کے لیے اینٹیں، بجری، سیمنٹ، سریا و دیگر تعمیراتی سامان ☆ درسگاہوں کے لیے پنکھے و دیگر بجلی کا سامان ☆ طلبہ کے لیے خورد و نوش کا سامان گندم وغیرہ ☆ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی و چرم قربانی کی رقومات ☆ دارالعلوم دیوبند کے شفاخانہ (عظمت ہسپتال) کے لیے دوائیں

صرفہ کا بجٹ سنہ ۱۴۳۸ھ

**29,69,95,000-00**

(انتیس کروڑ، انہتر لاکھ، پچانوے ہزار روپیہ)

اور چار ہزار کوئنٹل سے زائد غلہ



## دارالعلوم دیوبند کے تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل کے سلسلے میں

# اپیـــــل

بفضلہٖ تعالیٰ دارالعلوم دیوبند اپنی دینی، علمی، اخلاقی و اصلاحی خدمات جاری رکھتے ہوئے شاہراہِ ترقی پر گامزن ہے، جس کی بنا پر بجا طور پر اس کو سرمایہ ملت کا نگہبان، ملتِ اسلامیہ کے تہذیبی وتمدنی ورثہ کا امین اور برصغیر میں اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کا علمبردار مانا جاتا ہے، اور اپنی حیرت انگیز علمی وملّی خدمات کی بنا پر یہ ادارہ قرونِ اخیرہ میں کتاب وسنت کی حفاظت کا سب سے معتبر و مستند ادارہ قرار پایا ہے اور اسے دین و دیانت، علم وفن، مسلک صحیح، فکر سلیم اور صراطِ مستقیم کے مرکزی نمائندہ کی حیثیت حاصل ہوئی ہے، اس طرح الحاد و زندقہ، ذہنی ارتداد کے منہ زور سیلاب کے مقابلے میں دارالعلوم کا مسلک ومشرب ”نشانِ ہدایت“ بن گیا ہے۔

ظاہر ہے کہ ایسے تاریخی کردار کے حامل ادارہ کا استحکام وترقی ملتِ اسلامیہ کے استحکام وترقی کے ہم معنی ہے۔ خداوندِ کریم کا فضل وکرم ہے کہ امتِ مسلمہ نے دارالعلوم دیوبند کو ہمیشہ ترقی کی شاہراہ پر گامزن رکھنے کی مخلصانہ مساعی کی ہیں، اور دامے، درمے، قدمے، سخنے ہر طرح مخلصانہ تعاون سے نوازا ہے۔

ہم خدام دارالعلوم ان تمام ہمدردان ومعاونین کے صمیم قلب سے شکرگزار ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ امت مسلمہ کا ہر فرد، بالخصوص بہی خواہانِ دارالعلوم، اس وقت دارالعلوم کے تعمیراتی منصوبوں اور ضروریات کی جانب خصوصی توجہ فرمائیں گے۔

والسلام

مخلص

بندہ ابوالقاسم نعمانی غفرلہٗ

مہتمم دارالعلوم دیوبند